. کوئی گاڈ فادر تھا۔۔ . کوئی سہارا۔۔۔وہ تھا، اُس کی محنت تھی اور اُس کا . اتھا۔۔۔دُعا نے

بھیگی پلکیں اُٹھا کر آسمان پہ ستاروں کو دیکھا اور سسک کر بولی۔

"دیکھا تم لوگوں نے، میں ڈٹی ہوئی ہوں۔۔ میں لڑتی رہوں گی اُس کے لئے۔۔۔" اُس نے دونوں اُلٹے ہاتھ گال پہ پھیرے اور ناک سکوڑ کر پھر سے دن اُٹھا کر انہیں دیکھا۔۔۔

"سوتے آسمان کے خوابوں!! کیا سُن رہے ہو مجھے تم ستاروں؟"

نجانے کیا لطف ملتا تھا اُسے اُن سے گفتگو کرتے۔۔ اُن سے وہ ہر بات کہہ دیتی تھی۔۔۔ لبوں پہ تبسم در آیا۔۔ ستاروں سی آنکھیں جھلملا رہی تھیں۔۔

"میں یقین سے کہتی ہوں۔۔۔ اگر لوگ ہر روز کچھ وقت ستاروں تلے گزاریں۔۔۔ تو

they will not be the same person, who they used to be!"

اچھا دوست ستارہ ہوتا ہے۔۔ وہ ظاہر ہو نہ ہو۔۔۔ وہ موجود ضرور ہوتا ہے۔۔ وہ خضر کے ساتھ نہیں تھی لیکن اُس کے لئے ہر جگہ تھی۔۔ واپس نیچے آ رہی تھی تو موبائل پہ بیپ ہوئی۔۔ دیکھا تو اُستاد کا میسیج تھا۔۔ سمجھ گئی تھی۔۔ لگ چکی تھی اُس کی شکایت۔۔ وہ میسیج پڑھنے لگی۔۔۔

"ہما کو کامیابی کی علامت اِس لئے کہا گیا ہے کیونکہ وہ دوسروں کا حق نہیں مارتا۔۔ وہ دوسروں کو اذیت نہیں پہنچاتا۔۔ بلکہ وہ مردہ جانوروں کی ہڈیاں کھاتا ہے۔۔۔ وہ کسی نہ کسی طرح صبر و شکر کرتا ہے۔۔ وہ برداشت کرنا جانتا ہے۔۔ تم انبیاء اکرام کا کوئی بھی قصہ اُٹھا لو۔۔ تمہیں اُس میں دو ہی چیزیں ملیں گی۔۔ صبر اور شکر۔۔ جو صبر اور شکر نہیں کر سکتا۔ وہ کامیابی کے خواب دیکھنا چھوڑ دے۔۔ کیونکہ جو اپنی زندگی میں یہ دو چیزیں نہیں لا سکتا وہ کبھی بڑا انسان نہیں بن سکتا۔"

نیچے آئی تو باورچی خانے میں اُس کی طلبی ہو گئی۔۔

ربیعہ بیگم شکر قندی اُبال رہی تھیں اور ساتھ ساتھ کُڑھ رہی تھیں۔۔

"ہمارا دل جلا ہے۔۔ تو دوسرے کیوں خوش رہیں؟ آپ کا دل جلتا رہے گا جناب۔۔ اور اللہ

آپ کو جلاتا رہے گا۔۔اپنی خلق کے ساتھ وہ ناانصافی نہیں ہونے دیتا۔۔اُس کی محبت انسانوں کی محبت سے کئی درجے بڑھ کر ہے۔۔انسان انسان کی محبت میں کیا کچھ کر جاتا ہے۔۔ وہ تو پھر میرا اللہ ہے۔۔وہ دیکھنا وہ کیا کرے گا!!"

اور دُعا شرمندگی کے باعث بنا کچھ کہے خاموشی سے اپنے کمرے کو چل دی۔۔

☆.....☆.....☆

کِھلکھلاتی ہلکی ہلکی دھوپ ماہِ بہار کی صبح نے دبئی کو روشن کیا تھا۔۔خضر اپنی ٹیم کے ہمراہ دبئی اسٹیڈیم پریکٹس سیشن کے لئے جا رہا تھا۔۔اُسی صبح ایک عجیب واقعہ پیش آیا تھا جس کا موضوع صبح بیدار ہوتے ہی زیرِ بحث آگیا تھا۔۔۔مخالف ٹیم کے ایک نامور کھلاڑی پر میچ فِکسنگ کے ملزم ماخوذ کیا گیا تھا۔۔کرپشن اِنویسٹیگیشن ٹیم اُسے اُن کے اُٹھنے سے پہلے ہی بازپرس کے لئے لے گئی تھی۔۔ ہر ایک کو خضر بغور تبصرہ کرتے سُن رہا تھا۔۔وہ اُن میں کم عمر تھا۔۔۔کچھ کہنے سے پہلے بہت مرتبہ سوچتا تھا۔۔۔بڑی دیر بعد اُس نے آہستگی سے کپتان سے پوچھا۔۔۔

" آپ کو کیا لگتا ہے؟" اُنہوں نے ایک آدھی گردن موڑ کر اُسے دیکھا اور پھر شانے اُچکا کر منہ کا ذرا زاویہ بگاڑا۔۔۔

"مے بی۔۔۔اُسے پھنسایا گیا ہو۔۔" یہ کہہ کر وہ مُڑ گئے اور خضر کے حیرت سے ذرا دیدے پھیلے۔۔۔

"پھ۔۔۔پھنسایا؟"

اُس کی حیرت پر اُنہوں نے ذرا اچنبھے سے بھوں اُٹھا کر دیدے پھیلاتے اُسے دیکھا اور پھر خود کو کمپوز کرتے بولے۔۔

"یہ دُ ہے ینگ مین۔۔۔کامیابی آئے گی۔۔۔کردار شکنی کرنے والے بھی آ گے۔۔۔ تم اوپ جاؤ گے۔۔۔بہتان ‑ اشیاں ہوں گی۔۔۔تمہارا پ چا عام ہوگا۔۔نکتہ نگاروں کا تم پ وار ہو گا۔۔تُم بلندیوں پ جاؤ گے۔۔۔تمہیں َ انے میں کوئی ٠ کوئی گھات میں لگا ہو۔۔۔ اِسے میری ا ی وصیت سمجھو۔۔۔کامیابی رشک اور حسد کے بغیر نہیں آتی۔۔۔ ہرا ن تم سے مطمئن نہیں ہو گا۔۔اور ہرا ن کو مطمئن کرنے والا کبھی کامیاب نہیں ہو گا۔۔ ۔ میں newbie تھا۔۔‑ ۔ مجھے میرے سینیئر نے نصیحت کی تھی۔۔اور کہا تھا۔۔اِس د میں تم سے عشق کرنے والے ہوں۔۔اور لوگ تم سے حسد ٠ کریں۔۔کس فینٹیسی میں جیتے ہو صا ۔ ؟"

بہت تلخ ۔ تیں تھیں۔۔۔انتہائی تلخ ۔ تیں تھیں۔۔۔۔کیریئر کے آغاز میں ہی اتنا تلخ دماغ ہلا دینے والا واقعہ سُننا۔۔ ۔ دا ‑ ‑ سے ۔ ہر لگا تھا۔۔اُنہوں نے اُسے دیکھتے َ دن لڑھکا کر اشارہ کیا۔۔

"چلو!!" کر ٹ َ اؤ ٹ میں مخالفہ ٹیم اور اُس کی ٹیم فٹ ۔ ل کھیل رہی تھی۔۔۔اِس کا شمار بھی پیکٹس سیشن میں ہوت تھا۔۔صحافی وقتاً فوقتاً اُن کا انٹرویو ی ‑ پکستان دبئ کی موجودہ صورتحال سے نیوز ہیڈ کوارٹر والوں کو آگاہ کرتے تھے۔۔۔

ماہ فروری کا انتظار تو ۔ کو تھا کسی کو

ویلینٹائن ڈے کا اور کسی کو پی۔ایس۔ایل کا۔۔

جہاں دُ بھر میں چودہ فروری کو لوگ اپنے محبوب کے ساتھ ویلینٹائن ڈے منا رہے تھے۔۔۔

وہیں دُ بھر میں کر ٹ کے پکستانی شائقین پی۔ایس۔ایل کی اوپنگ سرمنی دیکھ رہے تھے۔۔

تو پھر ۔ لآ ٠ پی۔ایس۔ایل ٹور ٠ منٹ کا آغاز ہوا تھا۔۔۔اسکوا ٔ میں خوب دھوم مچی تھی۔۔

بچے بوڑھے جوان مرد حضرات عورتوں کے لبوں پر بس ایک ہی بات تھی۔۔۔
"ہمارے اسکوائر کا بچہ کھیلے گا۔۔ہمارے اسکوائر کا بچہ۔۔"
فاتح کراچی میں تھا اِس سے زیادہ خوشی اُنہیں خضر کے کھیلنے پر تھی۔۔۔اور وہ سبھی اُسی ٹیم کو سپورٹ کررہے تھے جس میں وہ تھا۔۔
خضر کی ٹیم کا پہلا میچ تھا۔۔۔جہانزیب صاحب نے ٹی۔وی لگانے سے اُنہیں سختی سے منع کیا تھا۔۔ربیعہ بیگم کمرے میں تسبیح پکڑ کر بیٹھ گئی تھیں۔۔ساتھ بیٹھی دُعا نے لیپ ٹاپ پر آن لائن براہ راست میچ لگا لیا تھا۔۔۔دل کی دھڑکنیں تیز تھیں۔۔بہت تیز۔۔۔۔بیٹ پر خضر آیا تو اُن دونوں کے چہرے خوشی سے کھِل گئے۔۔۔
"ماشاء اللہ میرا بچہ!!" ربیعہ بیگم نے نظر اُتاری۔۔دُعا کو پیاس لگی۔پانی کی طلب ہوئی تو کمرے سے باہر نکلی۔۔۔کچن میں جانے لگی تو ذرا ٹھٹھکی۔۔۔ٹی۔وی پر اسپورٹس چینل چل رہا تھا۔۔جہانزیب صاحب اسکرین پر نگاہیں مرکوز کیے محویت سے بڑبڑا رہے تھے۔۔
"بغیرت آہستہ کھیل۔۔آہستہ۔۔آہستہ۔۔آرام سے۔۔۔او۔۔نواب۔۔۔نواب صاحب آؤٹ ہوجاؤ گے۔۔"
ہم میں آئی تبدیلی کو ہمارے چاہنے والے۔۔کبھی نہ کبھی۔۔ایک نہ ایک دن قبول کرتے ہیں۔۔۔اللہ ان کے دل ہمارے لئے کھول دیتا ہے۔۔محبت اور اُنس کے عنصر اُس نے پیدا کیے ہیں۔۔وہ وقتی آزمائش بنا کر اُنہیں روک ضرور دیتا ہے۔۔لیکن اُنہیں ختم نہیں کرتا۔۔۔ہمارے اپنے ہم سے رُوٹھ تو سکتے ہیں۔۔لیکن وہ ہمیں چھوڑ نہیں سکتے۔۔وہ ذرا مسکرا کر خاموشی سے کچن کو چل دی۔۔اِس وقت وہ اُنہیں اُن کے میچ سے دور نہیں کرنا چاہتی تھی۔
خضر کی بیٹنگ چل رہی تھی۔۔۔ابھی چار گیندیں ہی ہوئی کے مخالف جانب سے برق رفتاری

میں گیند آئی اور وِ ٹ اُڑ گئی۔۔وہ ٹھٹھک کہ رُکا۔۔ای پل کے لیے سمجھ ہی نہیں آ ی کہ یہ کیا ہوا
تھا۔۔وہ فلمیں ہوتی تھیں جہاں ہیرو ہمیشہ چار ۔ٹ رہتا تھا۔۔۔یہ حقیقت تھی۔۔۔کبھی کبھی تو
ایسی صورتحال ہو جاتی کہ اپنی گیم سے بہتر گلی کے بچے کی کر ٹ لگتی۔۔۔۔مسئلہ آؤٹ ہون
نہیں تھا۔۔۔مسئلہ عزت افزائی تھی جو کہ ہونی تھی۔۔۔۔خصوصاً ٹیم فاو ٹ ر سے۔۔۔کچھ
نئے کھلاڑیوں پ بھی ہو تھا۔۔جھڑکیں بھی سُنیں۔۔نصیحتیں بھی کیں۔۔وہ کوئی قوم کے
لئے نہیں کھیل رہا تھا جو ہار کر ڈھیٹ بن کر آجا ۔۔یہاں معاملہ اور تھا۔تھک ہار کر ۔ رات
کو اپنے ہوٹل رُوم میں آ ی تو اپنا کر ٹ کِٹ بیگ پلنگ پ کر شکستہ سا پلنگ پ اُچھل کر
اَ ا۔۔اور چادر سے منہ لگائے ٹھنڈی آہ بھرتے دھیرے سے بولا۔۔۔
"اور آج مجھے احساس ہوا ہے۔۔دن کے اختتام میں۔۔۔میں کچھ الگ نہیں ہوں۔۔۔
دوسرے لوگوں سے۔۔حقیقت سے پناہ تلاش کرنے کے لیے خوابی دُ کی پناہ ی ہوں۔۔"
۔ٹ اسوچا تھا یہ کرے گا وہ کرے گا۔۔۔ قسمت نے آج کے دن اُسے صرف چار گیندیں ہی
دی تھیں۔۔۔کچھ دی خالی دماغ سے وہ ی ٹ رہا۔اور پھر سوچنے لگا۔
"کیوں ڈرتے ہے ا ن؟ رزق کی وجہ سے؟ ۔ فرمان نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔۔اَ تم
لوگ اللہ پ توکل کرو جیسا کہ اُس پ توکل کرنے کا حق ہے تو تمہیں اِس طرح رزق ملے گا جیسے
کہ پ وں کو ملتا ہے کہ صبح کو بھوکے ہیں اور شام کو آسودہ واپس آتے ہیں۔"
تھوڑی دی َ ری تو مو ۔ کی گھنٹی بجی۔۔وہ ای گہری سانس لے کر ای ہی جھٹکے میں
اُٹھا۔اُس نے پ س پ ڑے بیگ کی زِپ کھولی اور اُس سے شتابی سے مو ۔ نکال کر
دیکھا۔۔اسکرین پ اُستاد کا لنگ لکھا آ رہا تھا۔۔اُس نے بغور اسکرین پ دیکھتے دھیرے سے
اسکرین سلائیڈ کی اور کان سے مو ۔ لگا ی۔۔۔

"ہیلو!!" بہت لوساؤنڈ کر رہا تھا۔۔

اُس پر اُستاد پُر امیدی سے بولے۔۔

"اِٹ واز جسٹ آ بیڈ ڈے مائی بوائی!!" خضر نے ایک ٹھنڈی آہ لی اور پھر بمشکل کھینچ کھینچ کر تکان سے کہا۔۔

"آئی ئی ئی۔۔۔نو!!" اور اُستاد جانتے تھے 'ڈیڈ ہی ڈونٹ'۔

اُنہوں نے ایک گہری سانس لی اور کہنے لگے۔۔

"جانتے ہو۔۔اُن کہانیوں میں مزہ نہیں آتا جہاں تکالیفیں نہ ہوں۔۔جہاں آزمائشیں نہ ہوں۔۔۔جہاں صرف سہل راستے ہوں۔۔۔آسان زندگیاں رہنے والوں پر کبھی بائیوگرافیز نہیں لکھی جاتیں۔۔۔"

وہ سانس لینے کے لیے رُکے۔۔

"اپنا مقصد مت بھولو!!" یہ سُنتے ہی اُسے یاد آیا تھا۔۔ بہت ماضی میں اُس سے اُستاد نے پوچھا تھا۔۔

"کیوں بننا چاہتے ہو کرکٹر؟" اور اُس نے پرجوشی سے کہا تھا۔۔

"بتانا چاہتا ہوں زمانے کو۔۔۔ یہ فن کسی کے باپ کی جاگیر نہیں۔۔۔کامیابی کسی مخصوص طبقے کا قومی حق نہیں۔۔۔یہ فن ہے جو کوالٹی اور اسٹینڈرڈ کے درمیان تفریق کرے گا۔۔کامیابی اُسی کی ہوگی۔۔جو اپنے فن میں جتنا ماہر ہوگا!!"

اُستاد اُس سے کہہ رہے تھے۔۔۔

"کامیاب انسان کبھی بھی موجودہ صورتحال کے تحت فیصلہ نہیں کرتے۔۔۔وہ خود کو مستقبل میں جہاں دیکھنا چاہتا ہے وہ اُس حساب سے فیصلے کرتا ہے۔۔۔تم ستارہ ہو کر تاریک رات سے

ڈرتے ہو؟" وہ الفاظ نہیں تھے۔۔وہ جادو تھا۔جادو۔۔جو روح پہ تسکین بن کر اُتر رہا تھا۔۔۔

"جانتے ہو کامیابی کیا ہوتی ہے؟ ڈیل کرنا۔۔۔کامیابی ہوتی ہے۔۔۔بُرے وقت کو ڈیل کرنے کا فیز۔۔

When you have big goals.. you have to face huge troubles man.

۔۔۔مثبت انسان یہ سوچتا ہے کہ کل بہتر ہے۔۔منفی انسان یہ سوچتا ہے کہ کل ہار نہیں۔۔یہ جو ہارنے کا ڈر ہے نا۔۔اِسے نوچ کر خود سے باہر نکال دو۔۔۔سارے اندھیرے دھواں ہو جائیں گے۔۔۔اپنی کوتاہیوں اور خامیوں سے بھاگو نہیں۔۔۔اِنہیں analyze کرو۔۔۔ اِن کے بعد مایوس ہو گئے نا۔۔تو کبھی بڑے آدمی نہیں بن پاؤ گے۔۔۔ناکامی تمہاری بہترین اُستاد ہے۔۔کبھی ایسا بھی وقت آئے گا جب تمہیں نہ دوست سمجھیں گے۔۔نہ والدین۔۔۔ تب تنہائی میں بیٹھ کر گھبرانا نہیں ہے۔۔Analyze کرنا ہے خود کو۔۔۔تنہائی وحشت نہیں ہے۔۔یہ سیلف کیئر ہے۔۔۔اپنا critic تمہیں خود بننا ہے۔اور انسان ہوتا ہے اپنا خود کا critic۔۔تبھی تو بہتر رمستقل improvement کرتا ہے۔۔وہ کہتے ہیں نا اقبال۔۔

بات سمجھو نہیں، مجھ سے تو ایسا ہو نہیں سکتا

کہ میں خود بھی تو ہوں اقبال اپنے نکتہ چینوں میں۔"

خضر کے لب تبسم سے ذرا پھیلے۔۔۔آنکھیں جگمگائی تھیں۔۔۔

"دوسروں کے کمنٹس کو اپنے سر پہ سوار مت کرنا۔۔۔ہر انسان آؤٹ پُٹ اپنی اِن پُٹ کے مطابق دیتا ہے۔گلاب کا پھول گلاب رس دیتا ہے۔۔۔زہر نہیں۔۔۔اور زہر سے تم کبھی

یہ توقع نہیں کر   تے کہ وہ تمہیں آبِ حیات دے دے۔۔مایوسی کوئلے کی کان کی ت ریکی جیسی ہے۔۔اور اِس کا پ   لے کر اِس سے لڑ کر آ گے ن والا ہیرا۔۔"

کون تھا وہ آدمی؟ جو اپنی مصروف ت ین روٹین سے وقت نکال کر اُس سے اتنی رات گئے ب ت کر رہا تھا۔۔بچپن میں کوچ نے ن اعتبار کیا۔۔لڑ   میں ب پ نے اعتماد ن کیا۔۔۔ وہ آدمی۔۔وہ آدمی ہر وقت اُس کے لیے کھڑا تھا۔۔جِسے وہ اُستاد کہتا تھا۔۔اُستاد؟ کون ہوت ہے اُستاد؟ کیا رشتہ ہے اُستاد ن م سے ہمارا۔۔یہ ن م سُن کر کچھ زی دہ اچھے لمحات ہمیں ی د نہیں آ گے۔۔۔اُستاد وہ دی ہے۔۔۔جو جلتا ہے۔۔روشن ہوت ہے اور بُجھنے کے بعد بھی اپنی روشنی کبھی لے کر نہیں جات ۔۔۔وہ ہمیں روشن کر جات ہے۔۔۔"

پہلا میچ تو خضر کی ٹیم فتح نہ کر پ ئی خضر کی بیٹنگ اور ب ؤلنگ پ اسکوا ئ کے سبھی لوگ پ چہ کر رہے تھے۔۔اُستاد کے بعد ب خضر سے دُعا کی ب ت ہوئی تو اُس نے کر ٹ کی کوئی ب ت نہیں کی اور ب ڑی سادگی سے پوچھا۔۔

"دبئ کیسا ہے؟"

وہ ذرا چونکا۔۔

"مجھے ان ازہ نہیں تھا۔۔تم یہ پوچھو گی دُعا۔۔"

جواباً وہ جھٹ سے بولی۔۔

"تو کیا کروں۔۔وہی ..typical لائنز بولوں۔۔کوئی ب ت نہیں۔۔ہار ب ی ت کھیل کا حصہ ہے۔۔ٹھیک ہے۔۔نہیں میچ جیتے۔۔تو کیا ہو سکتا ہے۔۔ویسے ہاں۔۔۔ب ت سچی کروں گی۔۔۔میچ تو ی ہی ہاتھوں سے۔۔۔ لڑکیوں کو ای   کرش ضرور مل ی ۔۔"

اُدھر اُسے ہنسی آئی تو وہ فی الفور سے بولی۔۔

"بس بس مذاق کر رہی ہوں۔۔سنگین مت ہو جاؤ۔۔"

اور خضر کا موڈ چٹکیوں میں ریلیکس ہو گیا تھا۔۔

"اور سب ٹھیک ہے؟"

"ہاں سب ٹھیک ہے۔۔بس زین کے والد کی طبیعت ذرا ٹھیک نہیں۔۔" اُس نے سادگی سے اُسے بتایا تھا۔۔

"دُعا؟"

"ہاں؟" اُس نے مسکرا کر پوچھا۔وہ کہنے لگا۔

"تم نے یہ کیوں پوچھا تھا بھول تو نہیں جاؤں گا؟"

وہ لمحے بھر کے لئے حیران رہ گئی۔۔اُس پر اُس نے ایک گہری سانس لی اور کہنے لگا۔۔

"دُعا۔۔لوگ یہ کیوں سمجھتے ہیں کہ ہم اُنہیں ریپلیس کر دیں گے۔۔انسان کوئی کسی مشین کا spare پارٹ تو نہیں ہے۔۔جو کسی کی آ کر جگہ لے لے۔۔کوئی رہے نہ رہے۔۔کوئی کسی کی جگہ آ بھی جائے۔۔وہ سابقہ انسان کی جگہ کو بھر تو سکتا ہے لیکن ٹھیک اُس جگہ پر فِکس نہیں ہو سکتا۔۔"

☆.....☆.....☆

(کچھ روز بعد)

دُعا کو جہانزیب صاحب کالج چھوڑنے جا رہے تھے۔۔دُعا بلڈنگ سے پہلے باہر نکل آئی تو اُسے دیکھ کر ایک آنٹی نے اُس سے کہا۔۔

"ویسے ماشاءاللہ باؤلنگ اور بیٹنگ دونوں ہی بڑی اچھی کرتی ہے۔۔"

دُعا ذرا مسکرا کر جتا کر بولی۔۔

"ہاں، آل راؤ ڈ رہے!" پیچھے سے جہا ی صا آئے تو دُعا فوراً سے خاموش ہوگئی۔۔۔

کالج پہنچی تو کوریڈور میں اپنے دھیان میں چل رہی تھی۔ تبھی سنائی دیا۔۔

"وہ پلیئر دیکھا ہے،۔۔"

اُس نے دن موڑ کر دیکھا تو کچھ لڑکیاں تبصرہ کر رہی تھیں۔۔ ذرا مسکرائی اور چل پڑی۔۔

"آنکھیں سرمئی سی ہیں، اُس کی۔۔"

اب وہ رُکی۔۔ اُس نے ڈی ادا سے اُنہیں دیکھتے کہا۔۔

"سبز ہیں۔۔" اُنہوں نے ذرا چو کر اُسے دیکھا۔۔

اُن میں سے ای لیب کوٹ پکڑے اُس کی جا چلی آئی اور شوخ ہوتے بولی۔۔

"اچھا۔۔ تمہیں ڈا پتا ہے۔۔ پھپھو کا یڈ ہے کیا؟"

دل گُد گُدا ی۔۔ وہ ہنسی د کر چلنے لگی۔۔

"نہیں۔۔ ت ی کا!!"

اور وہ اُسے جات دیکھ کر منہ بنا کر ہنس پڑی۔۔

"پگلی!"

وہی خا ان کے لوگ جو کبھی اُس کے کر ٹ کے جنون پ ربیعہ بیگم کو تیں سنایا کرتے تھے۔۔ آج کالوں پ کال کر کے اُس کی تعریفوں پ پل ھ رہے تھے۔۔۔ دُعا کو ربیعہ بیگم کی عا ی اور انکساری دیکھ کر غصہ پڑھ رہا تھا۔۔۔

"امی آپ کیوں ت کر رہی ہیں اِن لوگوں سے؟"

جواباً اُنہوں نے ذرا مسکرا کر کہہ دیا۔۔ "تکبر ڈائی اور عظمت صرف اللہ کے ہی شایانِ شان ہے۔ ک دشاہ کی ہو ی غلام کی۔۔ سجدے میں جھک جاتی ہے۔۔۔ت سارے بھرم ٹوٹ

جاتے ہیں۔۔۔"

اور وہ کچھ کہہ نہیں سکی۔۔ساتھ ہی اُسے اُستاد کی بات یاد آئی۔۔

"ہم سب کو معلوم ہے تکبر جھوٹ حسد اور غیبت کیا ہوتی ہے۔۔ انسان کو ریما ئنڈر چاہیے ہوتا ہے۔۔ اِس میں انسان کا کوئی قصور نہیں کہ وہ یہ باتیں بھول جاتا ہے۔۔انسان کا لفظ نسیان سے نکلا ہے۔۔اور نسیان کا تو معنیٰ ہی بھول جانا ہوتا ہے۔۔۔لہٰذا جب گناہ کا احساس ہو جائے تب توبہ کر لیں۔۔۔"

وہ ایک عام لڑکی تھی۔۔ایک عام انسان۔۔۔غلطی ہو جاتی تھی۔۔۔ وقتاً فوقتاً اصلاح بھی ہو جاتی تھی۔۔۔

شام کو جب خضر سے بات ہوتی تو سُننے کو ایک بات ضرور ملتی۔۔

"دُعا یہاں بہت سختی ہے۔۔میچ کے بعد ہمیں ایک دوسرے سے ملنے نہیں دیا جاتا۔۔۔"

☆.....☆.....☆

دُعا اور ربیعہ بیگم لاؤنج میں بیٹھیں نشاستے کا حلوہ کھا رہی تھیں اور ساتھ ساتھ خبریں سُن رہی تھیں۔۔دُعا اُنہیں اُس کے ٹِک ٹاک پر بنائی پرانی وڈیوز دکھا رہی تھی اور اُن کے دل کا دُھکڑا ابھی رو رہی تھی۔ "شکر ہے امی بند نہیں ہوا۔۔عفیفہ اور ہاجرہ بھابی تو اِس کے بند ہونے کی خبر پر بہت پریشان ہو گئی تھیں۔۔"

اور اِس پر ربیعہ بیگم نے کہا۔۔

"اُمید ہم تبدیلی کی کرتے ہیں اور آئینِ نو بھی ہمیں برداشت نہیں۔۔۔۔کاش یہ سچی خبر ہوتی!"

"تو جی ناظرین یہ میڈیکل کالج کا وہ ہال ہے۔۔۔یہ وہ جگہ ہے جہاں ثوبان علی نے زندگی کی تلخیوں سے فرار حاصل کرنے کے لئے تیسری منزل سے کود کر خودکشی کر لی۔۔"

وہ کسی میڈکل کے پ ائیوٹ اسٹوڈ ٹ کی خبر چل رہی تھی۔۔

ربیعہ بیگم نے آزردگی سے اُس نوجوان کی ٹی۔وی اسکرین پ چلتی تصو یں دیکھتے کہا۔۔۔

" اپوچھے اِن پ ائیوٹ کالجوں کو۔۔"

اُس کی وجہِ خودکُشی فیس اسٹرکچر میں تبد کی وجہ بنی تھی۔۔

دُعا نے یں پھیر کر اُنہیں دیکھا تو کہنے لگی۔۔

"امی۔۔ پ ائیوٹ کالجز کا قصور بہت بعد میں آ ہے۔۔اِن صورتحال کے اصلِ ذمے وار تو گورنمنٹ سیکٹر والے کالجز ہیں۔۔۔صرف خالی میڈ کالجز کو موردِ الزام ٹھہرا در نہیں۔۔۔اَ پچھلے کچھ سالوں میں گورنمنٹ کالجز خود کو expand کر تو پ ائیوٹ کالجز تشکیل دینے کی نو ہی آتی۔۔ نہیں۔۔۔اَ وہ خود کو وسیع کرتے تو faculty کو بھی ڈبل کر پڑ تا۔۔۔لہٰذا اُنہوں نے بھی سوچا ہمیں کیا؟ ہمیں تو پیسے کمانے ہیں ۔۔۔عوام اور غریبوں کا خون نچوڑ ہے۔۔ہمارے پ س اور دوسرے حربے ہیں۔۔۔اور پھر اِس صورت میں یہ ہوا کہ پ ائیوٹ میڈکل کالجز جنم لگے۔۔لوگوں نے اِس کے ذریعے مجبور عوام کا خوب فائ ہ اُٹھای۔۔اور اب ضروری بھی نہیں کہ ہر امیر پیسے والا بندہ ہی پ ائیوٹ کالجز میں اڈمشن لے گا۔۔۔اور پ ائیوٹ کالجز میں بھی ایڈمشن ملنا اب خالہ جی کے گھر جانے والا حساب نہیں۔۔۔جن پ ائیوٹ کالجز میں ایڈمشن ایگزیمز ہوتے ہیں اُن کا لیول اے لیول او لیول کا ہوت ہے۔۔۔جس وجہ سے بہت سے بچے وہاں سے بھی فیل ہو جاتے ہیں۔۔پھر ای اور طر ہوت ہے جیسے ہم ... م کر کہتے ہیں۔۔۔۔اب آپ ہی بتا ۔۔اَ اے لیول او لیول کی تیاری ہمارے بچوں کی ہوتی اور اُنہوں نے کیا ہوت تو وہ یہاں کیوں پڑھتے؟ وہ ہر یورپ پڑھنے نکل جاتے؟ اب کیا کرے غری عوام۔۔اپنے مستقبل کے لیے سوچتی

ہے۔۔آج ہاتھ تنگ کر یتے ہیں۔۔کل سکون کی زنگی اریں گے۔۔۔بُرا وقت کیسے کیسے ارلیں گے۔۔اچھے دِنوں کے خواب دیکھتے دیکھتے اپنے دل مار یتے ہیں۔۔اور اللہ اللہ کرکر کے پرائیوٹ کالجز میں اپنے بچوں کو اڈمشن لے دیتے ہیں۔۔کتنے معصوم ہے اِس ملک کے لوگ۔۔۔ پرائیوٹ سیکٹر میں یہ لوگ ظلم کا وہ بازار م کرتے ہیں جس کی کوئی مثال نہیں۔۔آپ کو تو پتا ہے امی۔۔۔یہ لوگ اڈمشن کے وقت اسٹوڈنٹ سے ای پر فورما سائن کرواتے ہیں جس پر فیس کی اماونٹ فِلکس ہوتی ہے۔۔اور وہ سال سال کر کے کم سے کم ہوتی چلی جاتی ہے۔۔۔ اب جن اسٹوڈنٹس کی فیس بڑھائی گئی ہے وہ تھرڈ ایئر فورتھ ایئر کے اسٹوڈنٹس ہیں۔۔اور یہ illegal ہے۔۔۔جبھی تو ا ای ہو رہی ہے۔۔۔فیس صرف فریش ایئر والوں کی بڑھائی جاسکتی ہے۔۔۔ تھرڈ ایئر اور فورتھ ایئر والوں کی بھی بڑھادی گئی ہے۔۔فیس بڑھانے کا یہ بلکل بھی مطلب نہیں۔۔کہ یہ محض پنچ سے چھ ہزار روپے فیس بڑھارہے ہیں۔۔بلکہ یہ تو لاکھ لاکھ کے حساب سے اضافہ کر رہے ہیں۔۔اب بتا ای mediocre کہاں سے اتنے پیسے لائے؟ اب آپ تصور کریں ہم میڈکل کے طلباء کیسے ڈپ میں مبتلا ہوں۔۔۔آئے دن میڈکل اسٹوڈنٹس کے حوالے سے ایسی وارداتیں سُننے کو ملتی ہیں۔۔یہ پیشہ کیا کسی کو heal کرے گا۔۔ہم ڈاکٹرز تو خود ڈپ میں ہیں۔۔صرف اِس فیس اسٹرکچر میں تبد کی وجہ سے کتنے طلباء کی تعلیم چُھوٹ گئی ہے۔۔اور اُن میں سے کتنے لوگ اُ رہے ہیں۔۔۔اور صرف یہ ہی نہیں ملک میں رہنے والوں کو تو سیٹیں ملتی نہیں، بہر سے آنے والوں اوورسیز پرکستانیوں کو کیا خاک ملنی ہے؟ بس پھر پتا ہے کیا ہوتا ہے؟ اُنہیں بھی پیسے دینے والا درخت تصور کرلیا جاتا ہے۔۔۔اور فورن اسٹوڈنٹس کے فیس اسٹرکچر میں بھی اضافہ کر دیا جاتا ہے۔۔اور باقاعدہ اُنہیں لیبل کیا جاتا ہے کہ یہ فورن اسٹوڈنٹس

ہیں۔۔کوئی اِن عقل کے دشمنوں کو یہ بات سمجھائے کہ اگر اُن کے پاس اتنا ہی پیسہ ہوتا تو وہ ڈاکٹری کے لیے پاکستان کیوں آتے؟ تعلیم تو جو مشکل سو مشکل۔۔اِس پر میں یہ crisis، اب بتاؤ بندہ pass کیسے ہو؟"

رنجیدگی اور افسوس سے اُس کا چہرہ پژمردہ پڑ چکا تھا۔۔۔غصے میں بولنے کے سوا وہ کر کیا سکتی تھی۔۔۔

"ایک بار میں اپنی تعلیم کر لوں۔۔۔بس پھر دیکھنا آپ امی۔۔۔میں کیا کرتی ہوں۔۔میں کچھ کروں گی۔۔۔میں ضرور کچھ کروں گی ڈاکٹرز برادری کے لئے۔۔۔" وہ عزم کرتے کہہ رہی تھی۔۔۔

"یو نو امی۔۔۔آئی کین۔۔آئی کین literally فیل دیئر پئین!! یہ تو ابتدائی مسائل ہیں۔۔۔آگے انٹرن شِپ اور پھر اعلیٰ تعلیم۔۔اسپیز لائزیشن میں درپیش آنے والی مصیبتیں۔۔اور لوگ کہتے ہیں ہم ڈاکٹر پیسہ چھاپنے والی مشینیں ہیں۔۔۔ڈودے ہیوا اینی آئیڈیا۔۔۔کہ ہم کیا کیا suffer کرتے ہیں؟؟"
وہ سانس لینے کے لیے رُکی۔

"اور آپ کو پتا ہے۔۔حسیب بھائی کا ایک دوست ہے۔۔اُس نے FCPS پارٹ ون کے پیپر دیئے۔۔۔آگے وہ Specialization کے لئے انٹرویو پر گیا۔۔اور آپ کو پتا ہے پروفیسرز نے اُس سے کیا سوال پوچھے؟ ایک بھی سوال میڈیکل کا نہیں پوچھا۔۔ایک بھی سوال۔اور جو سوال پوچھے وہ تھا۔تمہاری ذات کیا ہے؟ تمہارا فرقہ کیا ہے؟ تمہارے پاس reference ہے؟ چنانچہ اُس کے پاس کوئی پیسہ یعنی سپورٹ نہیں تھا۔۔اِس لئے اُس کا سلیکشن نہیں ہو پایا۔۔تین سال تک وہ خوار ہوا۔۔اور چونکہ FCPS پارٹ ون کی پاس

ہونے کے بعد validity تین سال ہوتی ہے۔۔اور اَ اُس ٹائم پیریڈ میں FCPS پ رٹ
ٹو کے پیپر میں appear نہیں ہوتے۔۔تو FCPS-I کا اسٹیٹس null ہو جاتا ہے۔۔اب
FCPS ٹو میں تو ۔ appear ہو گا بندہ۔ ۔ ٹ ینگ کے لئے جائے گا۔۔"
"ب ٹ مت ِکلس!!"
لیکن وہ ِکلستی رہی۔۔اور ربیعہ بیگم خاموشی سے اُسے دیکھتے اُس کی سُنتی رہیں۔۔۔

☆.....☆.....☆

خضر کے آنے میں ابھی دِن تھے۔۔ دُعا نے پہلے ہی ربیعہ بیگم سے کہہ دی تھا۔۔
"مجھے نہیں پتا۔۔وہ آئے گا۔۔۔تو مجھے بھی اُسے ی جا ہے۔۔آپ اُستاد کو بولیں۔۔مجھے بھی لے کر جا ۔۔"
یہ کہہ کر وہ اپنے کمرے میں آئی تو اچا اُس کی اپنے سنگھار میز پ گئی۔۔وہ پ ں سکیڑ کر بغور دیکھتے آگے چلی آئی۔۔اُس نے ذرا سر جھکا کر دیکھا تو د ہے۔۔میز پ نوز اِسٹرپس کا پیکٹ۔۔دُعا کے چہرے کا زاویہ بگڑا۔۔۔پھر گئی۔۔گولڈ ماسک کے ڈبے پ ۔۔۔مزی بگڑی۔۔۔فیشیئل اووِل کلینز ٹون ۔۔اب ذرا منہ کُھلا۔۔۔تیوری پ ھی۔۔۔اور ٹشو ماسک پ ڑے ہوئے آئے تھے۔۔
"ی رامی یہ کیا ہے؟" وہ پ ڑ کر زور سے بولی تھی۔۔۔
"پہلے ہی چار کول ماسک مجھ سے ختم نہیں ہو ۔۔کیوں لے کر آئی ہیں۔۔۔" ربیعہ بیگم اُس کے لیے سامان لا لا کر نہیں تھکتی تھیں۔۔کہ کسی طرح۔۔۔کسی طرح وہ لڑکی لڑکیوں والے کام کر لے۔۔ نہیں۔۔۔وہ ٹ م بوائی تھی۔۔۔اِن چیزوں سے اُسے کیا سروکار؟
ربیعہ بیگم کمرے میں کہتی ہوئی چلی آ ۔۔

"ارے کیا ہوگیا ہے۔۔۔چہرے پہ لگانے کے لیے لائی ہوں۔۔۔حلیہ درست کر کے بیٹھا کرو بیٹے۔۔لوگ آتے جاتے ہیں ہمارے گھر۔۔کیا سوچتے ہوں گے، کیسے بھکاریوں جیسا حلیہ ہوتا ہے تمہارا۔۔۔اور چاند بھی تو آرہا ہے!!"

خضر کے ذکر پہ وہ دیدے پھیلا کر بھویں چڑھاتے بولی۔۔

"تو؟؟"

جواباً ربیعہ بیگم نے سادگی سے کہا۔۔

"تو شکل ذرا درست کر کے جاؤ!!"

دُعا کے ماتھے پہ بے تہاشا بل پڑ گئے اور وہ بے بسی سے دوٹوک اُنہیں ہاتھ دِکھا کر بول پڑی۔۔۔

"امی۔۔۔یہ کام نہیں ہونے والے مجھ سے۔۔۔ایک تو مجھے پہلے ہی اتنا آکورڈ لگتا ہے یہ سجنا سنورنا وہ بھی چاند کے سامنے۔۔۔اگر اُسے پتا چل گیا۔۔۔تو وہ مجھے مذاق کر کر کے ہی فوت کر دے گا۔۔"ربیعہ بیگم خفا ہوئی۔۔

"ارے۔۔۔کیا الم غلم بول رہی ہو۔۔۔"

دُعا نے ایک نہیں سُنی۔۔

"نہیں یار امی۔۔۔ایک تو بچپن سے ہم ایک لڑاکا جھگڑالو بہن بھائی کی طرح بن کے رہے ہیں۔۔۔اینڈ یو نو۔۔۔ڈیٹ واز سو آکورڈ۔۔۔جب آپ نے ہمارا نکاح کروادیا۔۔۔تھینک گاڈ آپ نے بچپن میں مجھے اُسے کبھی چاند بھیا نہیں کہلوایا۔۔۔۔میں اُسے شوہر تصور کرتی ہوں تو۔۔۔تو مجھے۔۔۔سمجھ نہیں۔۔سمجھ نہیں۔۔آتی۔۔کہ میں کیا کروں۔۔" اُس نے جھنجھری لیتے اپنی آنکھیں بلیوں کی طرح موڑ لی تھیں۔۔

ربیعہ بیگم خاموشی سے اُسے دیکھ رہی تھیں۔۔۔دُعا نے خود کو ٖ رمل کر ٖ چاہا۔۔

"او کے ٹھیک ہے۔۔ہم دونوں میاں بیوی ہیں۔۔۔ہمیں سمجھ آ گئی ہے یہ بات۔۔۔لیکن یہ سولہا سنگھار ی ر!! ساؤ ٹ ز لائ وہ سج دھج کے رجھا ٖ ۔۔۔اینڈ اینڈ دِس اِز ڈرائیو ٖ می کر ٖ ی ٹو دا نیکسٹ لیول امی!!"

اُس نے ہچکچاہٹ سے ربیعہ بیگم کو دیکھا اور متا ٖ ٖ سے التماس کرتے ا ٖ از میں کہا۔۔

"آئی ہوپ آپ میری صورتحال سمجھ رہی ہیں۔۔" ساتھ اُس نے مود بانہ ا ٖ از میں انہیں دیکھتے ہاتھوں کی ا ٖ یں آپس میں لیں۔۔۔ربیعہ بیگم خاموشی سے اُسے ی ٹ دیکھ رہی تھیں۔۔

دُعا نے ماحول میں ٖ شائستگی کو محسوس کیا تو اُنہیں دیکھتے بقت مسکرا کر بولی۔۔

"ڈو ٖ ٹ وری امی۔۔۔ڈی۔کے کے ہوتے فکر نہیں۔۔" اُس نے ہاتھ ی ٖ سے لگا کر اُنہیں دکھا کر ہلا یا تھا۔۔

"ا خضر ساری دُ بھی چھان لے گا ٖ ۔۔ت ب بھی اُسے دُعا اِدریس جیسی صاب انہ متحمل اور سپورٹنگ بیوی نہیں ملنے والی۔۔۔اُسے ہر روز شکرانے کے نوافل پڑھنے چاہیں۔۔کہ میں نے اُس سے نکاح کر لیا۔۔"

وہ ہنوز ویسے ہی کھڑی اُسے دیکھے جا رہی تھی۔۔

"ارے اب کیا کر دیا اُس ٖ مراد نے؟؟"

آواز پر دونوں نے چو ٖ کر دروازے کی جا ب دیکھا۔۔جہا ٖ ی ب صا ب دہلیز پر کھڑے خفگی سے پوچھ رہے تھے۔۔ربیعہ بیگم نے یہ سُنتے ہی زور سے پیشانی پر ہاتھ مارا۔۔

"اوہووہ۔۔۔میں کیا کروں گی آپ کا جہا ٖ ی ب صا ب!!"

جواب میں دُعا جھٹ سے بولی۔۔

" کچھ نہیں کیا اُس نے ابو۔۔۔ ہر وقت آپ اُس کے پیچھے پڑے ہوتے ہیں۔۔"

ربیعہ بیگم نے بات ٹالنے کی سعی کی اور اُن سے پوچھا۔۔

" آپ چھوڑیں۔۔ یہ بتائیں۔۔ آمد کی غرض کیا ہوئی؟"

اُنہیں تبھی یاد آیا۔۔

"ہاں۔۔ وہ خالہ کہہ رہی تھیں آئیں گی۔۔" یہ سُنتے دُعا کا حیرت سے منہ کُھل گیا۔۔۔ جہانزیب صاحب اُسے دیکھتے گزارش کرتے کہنے لگے۔۔

"شہزادی۔۔ تم خود ہی چلے جایا کرو اُن سے ملنے۔۔ آتی یہاں ہیں تھرتھلی سارے اسکوائر میں مچتی ہے۔"

ربیعہ بیگم آگے بڑھتے اُن سے کہنے لگیں۔۔

"اچھا چلیں نہ۔۔ اب کیا ہو سکتا ہے۔۔ جائیے ذرا سموسے جلیبیاں لے آئیے۔۔۔"

"اچھا۔۔" جہانزیب صاحب یہ کہتے مڑے۔۔۔ اور ربیعہ بیگم نے پلٹ کر دُعا کو دیکھا تو اُس کے دیدے پھیلے۔۔ وہ اُسے انگشت شہادت دِکھاتے سختی سے بولیں۔۔

" کرتی ہوں میں اُستاذہ سے بات!!" اور دُعا نے روہانسا ہو کر جھنجھلاتے سر جھٹک لیا۔۔

"ہاں ہاں امی!!!" ربیعہ بیگم کمرے سے جا چکی تھیں۔۔ وہ بے دلی سے سنگھار میز کی جانب آئی۔۔ اور اِسٹول کھینچ کر بیٹھی۔۔۔ اُس نے دھیرے دھیرے پلکیں اُٹھائیں۔۔ سامنے میز پر رکھی فریم میں خضر اور اُس کی تصویر کو دیکھا۔۔۔ اُس نے میز پر کہنی ٹِکا کر ہاتھ ٹھڈی سے لگایا۔۔ اُس نے بغور اُس تصویر کو دیکھا۔۔ اور وہ تصویر اُسے ماضی میں لے گئی۔۔۔

"دُعا دُعا!!!" ربیعہ بیگم کے بلانے کی آواز باورچی خانے سے آ رہی تھی۔۔ دُعا ضرورت سے

زیدہ لمبی سرخ مردانہ پیی شرٹ اور ساتھ ٹراؤزر میں ملبوس سر پہ اُلٹی پی کیپ پہنتے دوڑی کچن میں آئی۔۔

"کیا کیا ہوا امی؟" لڑ کا زمانہ تھا۔۔غالباً عمر چودہ پندرہ سال تھی۔۔۔

"بیٹے یہ دیکھو یہاں کتنی بڑی چھپکلی ہے۔۔چاچو کو بلاؤ!!" ربیعہ بیگم بورچی خانے کی بیرونی دیوار پہ اشارہ کرتے خوفناکی سے کہہ رہی تھیں۔۔

وہیں سے خضر کے نے کے بھی آواز آرہی تھی۔۔

"امی میری شرٹ نہیں مل رہی۔۔مجھے نِکلنا ہے۔۔میچ ہے یار!!!"

دُعا نے فٹافٹ بھاگ کر دیوار سے چھپکلی کو اُس کی پونچھ سے پکڑا اور یہ منظر دیکھ کر ربیعہ بیگم کی چیخ نکل گئی۔۔

"دُعا!!" وہ چھپکلی کو اُس کی پونچھ سے پکڑے، ہوا میں لہراتے اُنہیں دکھا رہی تھی۔۔۔

"امی یار چھپکلی ہی تو ہے!!" وہ محظوظ ہوتے بولی تھی۔۔۔۔۔ربیعہ بیگم منجمد کھڑی حواس بختگی سے اُسے دیکھے جا رہی تھیں۔۔اس نے چھپکلی کو ذرا اوپر کر کے دیکھتے گُنگنا کر کہا۔۔۔

"سیلفی تو بنتی ہے!!"

اور وہ بھاگ کر کمرے میں آئی اور میز پہ سے ا کیمرہ اُٹھا کر تصویر یں لگی۔

"دُعا!!" خضر کمرے میں غصے میں لال پیلا ہوتے داخل ہوا۔۔دُعا نے ا کیمرہ پکڑے گردن موڑی۔۔۔

"تم نے میری شرٹ پہنی ہے؟" یہ کہتے اُس نے اُسے گردن سے دبوچا۔۔اور ا نے میں اچانک تصویر بن گئی۔۔۔حال میں بیٹھی دُعا سر جھٹک کر زور سے ہنس پڑی۔۔۔بڑے دن بعد وہ یوں کھلکھلا کر ہنسی تھی۔۔۔لبوں پہ سے ہنسی سمٹی۔۔اُس نے ایک گہری سانس لی

گھما کر ای سارے کمرے کو دیکھا۔۔

"کمرہ میرا۔۔۔ یدیں تمہاری۔۔۔ جلدی آجاؤ۔۔۔ ہم . تمہیں بہت مِس کرتے ہیں۔"

☆.....☆.....☆

دُعا پ پتی ٹ نگوں سے کسی سوچ میں لاؤنج کے صوفے پ بیٹھی تھی۔۔ وہ خاصی کنفیوز لگ رہی تھی۔۔ ربیعہ بیگم نے اُسے دھمکا ی نہیں تھا کہ وہ اُستاذہ کو اُس کی شکا ی لگا گی۔۔ اُنہوں نے سچ کہا تھا، وہ واقعی اُنہیں اُس کی شکا ی لگا چکی تھیں۔۔ اُستاذہ اُستاد کی اہلیہ تھیں۔۔۔ ویسے اُن کے گھر طلباء کا آ جا نہیں تھا۔۔ اُستاد خضر اور دُعا کے لئے کہتے تھے۔۔ دُعا اور خضر gifted بچے ہیں۔۔۔ وہ خاص ہیں۔۔۔ یہی وجہ تھی اُن دونوں کو اُن کی زن گی میں ب ٹ ی اہمیت حاصل تھی۔۔۔ چند لمحے وہ وہاں بیٹھی تھی۔۔۔ تبھی ای دراز قد خاتون لاؤنج میں ٹ ے میں جُوس کا گلاس لیے چلی آ ۔۔۔ ٹ ی ب ٹ ی آنکھیں۔۔ صاف چہرہ۔۔۔ گھرے ش۔۔ ب ل کیچر میں جُوڑا بنا کر بندھے ہوئے۔۔۔ گلے میں دوپٹہ پھیلا کر لیا ہوا۔۔۔ وہ اُستاد کا پ فیکٹ میچ تھیں۔۔ دین اور دُ کو ساتھ لے کر چلنے والی خاتون۔۔۔ وہ ٹ ے اُس کے سامنے میز پ ر ت اُس کے رو ب وبیٹھیں اور ای گھری سانس لے کر مسکراتے ہوئے بولیں۔۔

"لیس ڈی۔ کے؟ کیسے مدد کر سکتی ہوں میں آپ کی؟"

ڈر استاذہ کا نہیں تھا۔۔ ڈر اُستاد کا تھا۔۔ اُن کے آنے کا وقت ہو رہا تھا۔۔ اُس کے ہاتھ پ ؤں ٹھنڈے پ ڑ رہے تھے۔۔ تبھی ب ہر کی بیل بجی۔۔ اور دُعا کے دل میں زور سے بیل بجی۔۔ اُس نے چو ن کر دروازے پ دیکھا۔۔ اُستاذہ وہیں بیٹھیں َ دن موڑ کر دروازے کی جا ب دیکھتے بولیں۔۔

"کُھلا ہے دروازہ!!"

تبھی دروازہ کھلا۔۔اُستاد ہاتھ میں بوٹ پکڑے ا ردا خل ہوتے بلند آواز میں بولے۔۔

"السلام علیکم!!"

اُنہیں دیکھ کر دُعا کے دیے پھیل گئے اور اُس کے سارے وجود پ لرزہ طاری ہوَ ی۔۔۔

اُستاذہ نے ش ت سے جواب دی۔

"وعلیکم السلام!!"

"پتا نہیں کون جوتے پ اکر لے جا ہے۔۔"اُستاد خفگی سے سر ہلاتے اپنے بوٹوں کو دیکھتے کہہ رہے تھے۔۔اچا اُن کی دُعا پ گئی۔۔اور دُعا کے چہرے کا رَ مکمل طور پ اُڑ ی۔۔۔

وہ بغور اُسے دیکھتے بھوں اٹھا کر اُستاذہ سے پوچھنے لگے۔۔۔

"کیا کیا ہے اِس نے؟"

دُعا کو لگا تھا اب اگلا دم نہیں آئے گا۔۔۔اُستاذہ اُن سے خفا ہو ۔۔

"بس اب آپ شروع مت ہو جا ۔۔۔ایسے ہی آئی ہے۔۔"دُعا نے گلے سے تھوک نگلا۔۔ اُستاد ہنوز ی وں سے اُسے دیکھ رہے تھے۔۔۔

"ایسے نہیں آتی یہ۔۔۔کوئی کوئی کاروائی ہوتی ہے۔۔۔ ہی آمد ہوتی ہے۔۔معلوم نہیں کیا آپ کو؟ کہ وقت نہیں ہو ممکنہ ڈاکٹر کے پ س اب۔۔۔"

جواباً اُستاذہ مدافعانہ ا از میں کہنے لگیں۔۔

"نہیں۔۔کوئی کاروائی نہیں ہوئی۔۔۔آپ جا فریش ہو کر آ ۔۔"

اُستاد نے خود کو کمپوز کرتے اثبات میں سر ہلا ی اور ڑے ڑے ڈگ بھرتے لاؤنج سے لگے۔۔۔جیسے وہ لاؤنج سے گئے تو دُعا کی سانس بحال ہوئی۔۔

اُستاذہ اب اُس کی جا متوجہ ہو ۔

"ہاں جی۔۔۔فرمایئے؟"اب اُنہوں نے سرگوشی کی۔۔

" کیوں امی کو پ یشان کرتی ہیں آپ؟ پہلے کیا وہ کم پ یشان ہیں خضر کی وجہ سے۔۔اور اب آپ بھی۔۔۔"

یہ سُنتے دُعا روہا ہوگئی۔۔

" کو میرا قصور آ ہے۔۔میری پ ابلم کسی کو نہیں آتی؟ امی کہتی ہیں میں تیار ہو کر بیٹھوں۔۔۔لڑکی بن جاؤں۔۔۔لڑکی ہی تو ہوں۔۔اور کیا ہوں؟ کیوں ہوں میں تیار؟"

اُستاذہ سادگی سے بولیں۔۔۔

" کیو اللہ جمال ہے اور اُسے جمال پسند ہے۔۔"وہ بھونچکی۔۔۔

وہ سانس ی کے لیے رُکیں اور پھر اُس سے کہنے لگیں۔۔

"اپنا مسئلہ بتا پہلے آپ؟"

دُعا نے بمشکل ہمت جٹا کرا ی گہری سانس لی اور بتانے لگی۔۔۔

"میرا بھی دل کرت ہے میں اچھے سے تیار ہو کر آئیڈیل بیٹیوں کی طرح اپنا ویکنڈ امی ابو کے ساتھ َ ارا کروں۔۔ مجھے وقت ہی نہیں مل پ ی شا ی وقت ہی مینج نہیں ہو مجھ سے۔۔کالج کے دِنوں میں نیند پوری نہیں ہوتی۔۔ویکنڈ میں نیند آتی نہیں۔۔۔ہمیشہ سوچتی ہوں صبح اُٹھ کر اُن کے ساتھ بیٹھوں ب تیں کروں۔۔کچھ کام کروں۔۔۔ سُستی نہیں جاتی۔۔۔سارا ویکنڈ netflix اور پلنگ میں Pjs پہنے َ رجات ہے۔۔۔بہت فیملی گولز ہوتے ہیں دل ہی نہیں جات ۔۔بے رغبت سی ہے۔۔۔اور چا ۔۔۔چا آرہا ہے تو میں کیوں تیار ہوں اُستاذہ؟ چا ہی آرہا ہے !!"

"لیکن 'چا ' آرہا ہے!!"انتہائی پ ا ش اور سادہ لہجہ تھا۔۔۔دُعا چند لمحوں کے لئے کچھ کہہ نہیں

سکی۔۔۔

ٹھیک ہی تو کہہ رہی تھیں۔۔چا ہی آ رہا تھا 'چا ' آ رہا تھا۔۔اُس نے اُ ت ہوئے سر جھٹک کر گال پُھلا لئے۔۔ہاتھوں کی اُ یں وہ آپس میں مروڑنے لگی۔۔۔د ے مسلسل دا پھرنے لگے۔۔۔اُستاذہ نے ا گہری سانس لی اور پھر تمہید ھی۔۔

"ہر امتحان دُ کا سے مشکل ین امتحان ہی لگتا ہے۔۔ وہ اپنا ہو۔۔" یہ سُنتے اُس نے یکدم پلکیں اُٹھا کر اُنہیں دیکھا۔۔

"پتا ہے دُعا۔۔اللہ نے ا ن میں بہت کھچاؤ رکھ دیا ہے۔۔بہت elasticity ہے ا ن میں۔۔۔وہ تنگ اور زیادہ دونوں میں مینج کر تے ہے۔۔۔اور اِس جہاں میں ایسا کیا ہے؟ جو ا ن ٹھان لے اور کر رے۔۔اللہ نے ا ن کو احسن بنایا ہے، بہت خوبصورتی سے mould کیا ہے۔۔۔اور اِس خوبصورتی کا سے زیادہ حقدار وہ اور پھر تم ہو۔۔۔وہ کہتا ہے۔۔ز وز اختیار کر کے ز پڑھو۔۔ سے بہترین جوڑا پہن کر۔۔اللہ اِس کا حقدار ہے۔۔

Beautify yourself, pamper yourself اپنے لئے۔۔۔اللہ کے لئے۔۔ہم لوگ کتنی تیں کرتے ہیں پڑھائی میں دل نہیں لگتا۔Dull اور بور روٹین رہتی ہے۔۔۔۔ جس کے حل میں جواب ملتا ہے۔۔یہ پڑھ لیا کرو وہ پڑھ لیا کرو۔ایسا سوچ لیا کرو۔ویسا سوچ لیا کرو۔۔یہ روحانی تیں ہیں۔۔ کسی بھی چیز پ فوکس اور عمل اور اُس میں کامیابی دو چیزوں سے آتی ہے۔۔ا سوچ دوسرا عمل۔۔۔Pjs میں نہیں بیٹھنا۔۔اچھا لباس ز تن کر ہے۔۔۔۔پھر دیکھنا کیسے سُستی غائ ہوتی ہے۔۔اللہ چاہتا ہے ہم خوبصورت دِ ھیں اور سے زیادہ وہ یہ چاہتا ہے کہ ہم اُس سے ملتے وقت خوبصورت دِ ھیں۔۔اللہ ہمیں

قرآن میں خود techniques بتا رہے ہیں۔۔کہ کیسے ہمیں اُس سے اور لوگوں سے قات
کرنی ہے۔۔۔یہ ای غلط قسم کا خیال ہے جو آج کل لوگوں کے ذہن میں پ پ رہا ہے۔۔کہ
زی وز اختیار کر مسلمانوں کے لئے ممنوع ہے۔نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی پسندی ہ
چیز میں جو چیز تھی وہ خوشبو تھی۔۔۔خود کو سنوار ا ن کو خوبصورت کے لئے نہیں کر ۔۔وہ
بہت خوبصورت ہے اپنے اپنے ا از میں۔۔بس اُسے ذرا خود کو لش کر ہے۔۔۔مجھے تو
سجنے سنورنے کا پتا نہیں۔۔۔۔۔فیشن سے مجھے کیا سروکار۔۔۔یہ کوئی دینی تیں نہیں ہیں۔۔
یہ خود کو isolate کر ہوتا ہے۔۔۔ایسا جیسے ای بند گیٹ زن گی ار ۔۔آپ دیوان کے
دیوان پڑھ لیں۔۔اپنی سوچ کو کتنا مثبت کر لیں۔۔لیکن اگر آپ عملی اقدام نہیں اُٹھا گے تو
دُ کی ہر کتاب آپ کے لئے ردی ہے۔۔اپنی ا کبھی مت کھو دُعا۔اللہ نے آپ کو
لڑکی بنایا ہے۔آپ ڈم بوائی نہیں ہیں۔آپ ای بہت پیاری لڑکی ہیں۔۔"

دُعا اُن میں نگاہیں مر کیے اُنہیں دیکھے جا رہی تھی۔۔

"جو کام کر ہے اُس کے لئے۔۔میک آٹو ڈو لسٹ بنا ۔اور اُسے سنگھار میز کے آ ی سے
چپکا دیں۔تحقیق سے ای ت ہے۔۔ا ن کو ر راپنے مقاصد آ تو
وہ ت قدمی اختیار کر تے ہے۔۔"

دُعا موم ہوتی چمکتی آنکھوں سے معصومیت سے اُن کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے بولی۔

"تھینک یو اُستاذہ!" اور وہ ہنس دیں۔۔

"یو آر ویلکم ڈی۔کے!"

☆.....☆.....☆

دُعا نے روٹی کا رومال اُٹھاتے ی نی کا دم کھولا۔ای دم تیز پدینے کی خوشبو اُس نے محسوس

کی۔۔پہلی . ینی کے نِکھرے اور کِھلے کِھلے چاولوں پ پڑی۔۔وہ چمچ سے چاول ہلاتے خوش طبعی سے بولی۔۔

"10 ایرز چیلنج میں ایسی کوئی چیز ہے جو نہیں . لی تو وہ ہے . ینی!!"

اب اُس نے ڈھکن سے پتیلے کو ڈھا اور . ورچی خانے سے نکل کر لاؤنج میں آتے بولی۔

"ہاں امی کر د ی!!"

ربیعہ بیگم حسبِ معمول لاؤنج میں مشین رکھے زمین پ بیٹھیں۔۔ہاتھ میں قینچی پکڑے اپنی سہیلی کی قمیض کاٹ رہی تھیں۔۔

وہ اُن کے سامنے صوفے پ آ کر بیٹھی۔۔اور اُنہیں دیکھتے گھٹنے پ ہاتھ ر ت کہنے لگی۔۔

". دیکھیں سہیلیوں کے سُوٹ ی ت رہتی ہیں۔۔ملنا آپ کا کبھی کبھار ہوت ہے۔۔۔یہ بھی کوئی دوستی ہے؟" وہ قمیض کاٹتے رُکیں۔۔اُنہوں نے سر اُٹھا کر اُسے دیکھا۔آنکھوں پ چشمہ لگا تھا۔اُنہوں نے . کھولے۔۔

"ہاں بھئی۔۔آج کی یوتھ کے لئے تو دوستی یہی ہے۔ اچھا پہن کر سیلفیاں بنا لیں۔۔اچھا کھا کر تصو یں پو ٹ کر دیں۔لوگوں کو ذرا لعن طعن کر لیا۔۔اور memes میں مینشن کر د ی۔۔ تم لوگوں کے خیال میں یہ . کرنے والے بیسٹیز ہیں۔۔۔ ٹ یہ بیسٹیز نہیں۔۔یہ بیسٹیز کی بے عزتی ہے۔"

دُعا یہ سُن کر ی ٹ اُنہیں دیکھ رہی تھی۔۔ربیعہ بیگم زمانے کے ساتھ چلنے والی خاتون تھیں۔۔زمانے بھر میں کیا ہو رہا تھا . کی خبر اُنہیں ہوتی تھی۔۔اُستاذہ کہتی تھیں۔۔آج کے بچوں کے ساتھ چلنا ہے تو اُن کے ساتھ اُن کے لیول پ آ کر چلنا ہوگا۔۔۔فیس . ی سمارٹ فون نے کا اُنہیں کوئی شوق نہیں تھا۔ اپنے بچوں کی نگرانی کے لئے اُنہوں نے

سیکھا تھا۔۔

وہ اب ذرا مسکرا اور سر جھکا کر قمیض کاٹنے لگیں۔۔

"حقیقی دو یں ہر روز ملنے کی اور ہر روز ت کرنے کی محتاج نہیں ہوتیں۔۔حقیقی دو یں وہ ہوتی ہیں۔۔جن میں خوشی میں تو نہیں لیکن غمی میں دو موجود ضرور ہو ہے۔۔اور ایسے ہی لوگ خوشی کے موقعے پ سے پہلے د آتے ہیں!"

دن ق رفتاری سے رر رہے تھے۔۔۔ہار ہار کے نشیب وفراز طے کرتے۔۔خضر کی ٹیم آگے آگئی تھی۔۔۔

شارجہ میں کراچی بمقابلہ اسلام آ د میچ تھا۔۔دُعا منہ میں ا یں د ئے بیٹھی گھبراہٹ سے اسکرین پ دیکھ رہی تھی۔۔۔

میچ اختتامی مرحلے میں جانے لگا تھا۔۔۔دل ڈ ڈ جا رہا تھا۔۔۔

چھکے پ چھکا لگا۔۔۔

"نہیں کیچ مت ہو !!" دُعا منہ چھپا کر بولی۔۔۔اور کیچ چھوٹ ۔۔

ربیعہ بیگم سے بولیں۔۔

"اِس رو نے تو کھر ونچ د کراچی کو۔۔"

دُعا نے میم کی۔۔

"امی رو !"

ہر لکونی سے نیچے لڑکوں کی بھی ہلڑ زیوں کی آوازیں سنائی دیں۔۔

تبھی لاؤنج میں ا ڑق سنائی دی۔۔

"یہ کیا ہو رہا ہے؟"

اور دونوں چپ کر رہ گئیں۔۔

جہانزیب صاحب نے خفگی سے اُن دونوں کو دیکھا اور پھر اندر چلے گئے۔۔۔ ربیعہ بیگم تاسف سے اسکرین پر دیکھ رہی تھیں۔ ربیعہ بیگم کو دُعا نے دیکھا اور تیوری چڑھا کر بڑبڑائی۔۔

"سیمی آؤٹ ہو تو امی کو بُرا لگتا ہے۔۔ لاہور کی ٹیم ہارے امی کو بُرا لگتا ہے۔۔ کراچی اپنی شہر کی ٹیم ہے۔ وہ نہ جیتے آف کورس بُرا لگتا ہے۔۔ کوئٹہ میں فیورٹ کپتان ہے۔۔۔ اسلام آباد فیورٹ ٹیم ہے اِس لئے سپورٹ کرنا بنتا ہے۔۔ اور رہی ملتان سلطانز کی بات۔۔ لالہ تو او بیوٹی ہے!! کِسے سپورٹ کر رہی ہیں امی یار؟"

خضر کی ٹیم کا آخری میچ تھا۔۔ باقی میچ پاکستان لاہور اور کراچی میں ہونے تھے۔۔۔ یوں تو اسکوائر میں نیچے سب مل کر ہر میچ دیکھا کرتے تھے۔ لیکن اسکوائر کے بچے کی بات کچھ اور تھی۔۔ ربیعہ بیگم بڑے اشتیاق سے مسکراتے خضر کو باؤلنگ کرتے دیکھ رہی تھیں۔۔ نیچے وقاص زین اور شریم کسی دُکان میں بھیڑ میں کھڑے تھے۔۔ وقاص بےتابی سے کہہ رہا تھا۔۔

"بھاؤ آؤٹ کر۔۔ آؤٹ۔۔۔ Hattrick کر لے!!"

تبھی خضر نے گیند ڈالی۔۔۔۔ چھکا لگایا اور گیند ہوا میں اُڑی۔۔ وقاص چیخا۔۔

"پکڑ پکڑ۔۔۔ اے سالے پکڑ!"

بھاگ کر آتے خضر نے کیچ کر لیا۔۔

اور وہ بے نوجوان اچھل پڑے۔۔ اگلے ہی لمحے وہ شاٹ review کر کے دیکھا۔۔ خضر کا باؤلنگ کرتے پاؤں crease سے باہر نکل گیا تھا۔۔۔ زین نے یکدم دونوں ہاتھ پیچھے گردن پر رکھ لیے۔۔

"اُوششش!!"

شریم ہکلا۔۔

"نن نن نو ل !!"

تبھی وقاص کے مو کی گھنٹی بجی۔۔اُس نے بند مٹھی سے ہاتھ کھولا۔۔اور مو چہرے کے سامنے کیا۔۔آ ربیعہ کالنگ لکھا آ رہا تھا۔اُس نے کال اُٹھا کر مو کان سے لگای۔۔

"وقاص یہ دھا لی ہو رہی ہے۔۔میرے بچے نے آؤٹ کیا ہے۔۔"

پیچھے سے جہا صا کے کہنے کی آوازیں آ رہی تھیں۔۔

"جس طرح یہ کھیل رہا ہے۔۔ا ءاللہ۔۔ا ءاللہ۔۔دیکھنا۔۔واپس آ کر۔۔اپنے کراچی کی سڑکوں پہ تمہیں یہ چنگچی ہوا آئے گا!!"

ربیعہ بیگم نے خفگی سے اُنہیں پ کروای۔۔

"ارے آپ تو پ کریں۔۔۔"

"نہیں آ یہ رُول ہے، یہ نو ل ہوگئی ہے۔۔یہ لکیر سے پیر ہر نکالنے کی penalty ہے!"

اُس نے اُنہیں سمجھا چاہا۔۔ ربیعہ بیگم خفا سی بولیں۔۔

"ارے۔۔۔میرے بچے نے کیچ پکڑ لیا اور یہ لوگ لکیر کو رو رہے ہیں!!"

"آ وہ۔۔"

"لو بھئی۔۔۔لکیر پیٹ رہے ہیں۔۔کیچ نہیں آ رہا۔۔ اپوچھے اِن کو!!"

اور وقاص بے بسی سے بس جی جی کرتے ہنس پڑا۔۔

"پھر کر رہی ہو تم میری فرمانی!" جہا صا سخت راضی سے ربیعہ بیگم سے کہہ رہے تھے۔اُنہوں نے اُنہیں انگلی دِکھاتے کہا۔۔

"قانونی طور پہ بیوی کی ذمیداری ہے کہ شوہر کی بعدار رہے اور خاو کی ہر جا ت مانے۔۔

یہ میں نہیں کہہ رہا۔ یہ دو ہزار دو کا قانون ہے۔۔" جہانزیب صاحب نے ٹی۔وی بند کر دیا تھا۔۔جس پہ ربیعہ بیگم اور جہانزیب صاحب کی بحث ہو رہی تھی۔تبھی دُعا لاؤنج میں چلی آئی۔۔اُس نے جھک کر میز پہ پڑا ریموٹ اُٹھایا اور ٹی۔وی کی جانب مُڑتے ٹی۔وی آن کیا۔جہانزیب صاحب اُسے یکدم دیکھ کر چونکے اور پھر بول پڑے۔۔

"شہزادی نافرمانی کر رہی ہے میری!!" ربیعہ بیگم سادگی سے بےتاثر چہرہ لئے اُسے دیکھ رہی تھیں۔۔

" کرتا ہوں میں تیرا حقہ پانی بند!"

یہ سُنتے دُعا نے کمر پہ ہاتھ رکھا اور دھیرے سے گردن موڑ کر اُنہیں دیکھا۔چہرے پہ اطمینان تھا اور وہ کہنے لگی۔۔

"شوہر کی غیر موجودگی میں بیوی شوہر کے باپ سے خرچہ وصول کر سکتی ہے۔۔یہ دو ہزار پانچ کا قانون ہے۔۔"

جہانزیب صاحب کے چہرے پہ ایک رنگ آ رہا تھا تو ایک رنگ جا رہا تھا۔۔دونوں ساس بہو ایک دم ٹھنڈے انداز میں بےفکر کھڑی تھیں۔۔دُعا نے جھک کر ریموٹ واپس میز پہ رکھا اور پھر سیدھی کھڑی ہو کر اُنہیں دیکھا۔۔

"چونکہ میرا شوہر اِس وقت ملک سے باہر ہے تو میں آپ سے خرچہ پانی مانگنے کی حقدار ہوں۔۔ اور اگر آپ نے مجھے ڈرپ کیا، وہ بھی اِس صورتحال میں کہ میرا شوہر باہر ہے، دوسرا کہ آپ میرے گارڈیئن بھی ہیں۔تو آپ پہ ایک انتہائی شاندار قسم کا لاءسُوٹ فائل ہو سکتا ہے!"

وہ بنا مزید کچھ کہے اندر کو جانے لگی۔اور جہانزیب صاحب اُسے جاتا دیکھ کر دل گرفتگی سے کہہ پڑے۔

"اے دُعا، بہوؤں والا رویہ کیا ہے تُو نے میرے ساتھ۔۔اب دیکھ تُو ذرا میں کیا کرتا ہوں۔"
اور وہ سر جھٹک کر مسکراتے لاؤنج سے نکل گئی۔۔تبھی ہی ہر شور بلند ہوا۔۔اور وہ سمجھ گئی تھی
یقیناً خضر نے hattrick کر لی تھی۔۔

کمرے میں آئی تو پلنگ پہ میڈ کی کتابیں بکھری تھیں۔۔کتابوں کی طرف واپس لوٹی تو
سوچا ذرا مو بائل کو بھی ایک دیکھ لیا جائے۔۔پڑھائی کے دوران 'مو بائل' بھی
تو نوجوان پہ وا بتھا۔۔ سب سے پہلے اُس نے واٹس ایپ اسٹوری کھولیں۔۔پہلی
اسٹوری ماموں جان کے نام سے کُھلی۔۔جسے پڑھتے ہی اُس کے کان غصے سے سرخ ہو
گئے۔۔

"شہر کی بڑھتی آلودگی نے گردنواح کے ساتھ ساتھ اپنوں کا خون بھی سفید کر دیا ہے۔۔"
بس اتنی سی دیکھی۔۔ماموں جان نے اُسے بہت سے کلسا کر رکھ دیا تھا۔۔وہ غصے سے بولے
جا رہی تھی۔۔

"سوشل میڈیا پلیٹ فارم اپنے احساسات کی ترجمانی کرنے کے لئے ہے۔۔ اِس کا ہر گز
مطلب یہ نہیں کہ انسان کا جیسے دل چاہے۔ دل چاہے کسی بھی بات پہ کچھ بھی اُٹھا کر پوسٹ
کر دے۔۔اپنی بِپتا ہر کسی کو سُنانے سے۔۔اپنی پسند نا پسند کا ضرورت سے زیادہ اظہار کرنے
سے۔۔اور میں میں کی ڈینگیں ہانکنے سے۔۔ہم کسی کے دل عزیز نہیں ہو جا تے۔۔اپنی
ذاتی زندگی اور سوشل سرکل کو ایک ساتھ لے کر علیحدگی سے چلنا ایک ہنر کی بات ہے۔۔بڑا
انسان صرف بڑی بڑی باتیں کرنے سے نہیں بنتا۔۔بڑا انسان اپنی ذاتی زندگی کے مسائل کو
خود پہ حاوی نہ ہونے سے بھی بنتا ہے۔۔"
ربیعہ بیگم اُسے سمجھا رہی تھیں۔۔

"بیٹ نہ چیخ۔۔ ٹینشن نہ لے۔۔ پہلے ہی بال جھڑتے ہیں تیرے بہت!!"

ربیعہ بیگم کا تو مسئلہ نمبر واحد ہی یہی تھا۔ دُعا کے کثرت سے ٹوٹتے بال۔۔۔

"کیا مطلب ہے اِس کا ماموں؟"

دُعا سے اب رہا نہیں گیا اور اُس نے اُن سے میسج کر کے پوچھ ہی لیا۔۔۔ دو منٹ بعد جواب آیا تھا۔ گمان ہوتا تھا بڑے سوچ بچار کے بعد جواب آیا تھا۔۔ وہ پڑھنے لگی۔۔

"جو لوگ صرف اپنے اچھے دِنوں اور اپنی آسودہ حال صورتحال کے متعلق لوگوں سے اُسے سوشل میڈیا پر شیئر کرتے ہیں۔۔ اُن سے میری گزارش ہے۔۔ براہ کرم اپنے بُرے دِنوں کے متعلق بھی لوگوں کو اطلاعات دیا کریں۔۔ اِس طرح۔۔ وہ آپ کو خلائی مخلوق نہیں سمجھیں گے۔۔۔"

یہ دیکھتے وہ مزید جل گئی۔۔ ماموں کا طعنہ خضر کے Hattrick کرنے پر اُس کی لگائی گئی اسٹوری پر تھا۔۔ دُعا کا کُڑھ کُڑھ کر برا حال ہو گیا تھا۔۔ ربیعہ بیگم فکرمندی سے کہہ رہی تھیں۔۔

"اِسی لیے تیرا وزن نہیں بڑھتا۔۔"

دُعا کا وزن اُس کی عمر اور قد کے مقابلے کافی کم تھا۔۔ وہ ڈاکٹر کو بھی اُسے کئی مرتبہ دکھا چکے تھے۔ اُس کے کھانے کی روٹین اور کھانے کی تعداد بھی ایک دم ٹھیک تھی۔۔ پھر بھی وہ یہ سمجھنے سے قاصر تھیں کہ اُس کا وزن کیوں نہیں بڑھتا تھا۔۔ اب کچھ کچھ سمجھ آ گئی تھی۔۔

زُلفی کی طرف گاجر کی کھیر بنی تھی۔۔ تو اُس کی والدہ اُن کے ہاں دینے آئی تھیں۔۔

اُنہوں نے اُسے صوفے پر بیٹھے مسلسل زور زور سے ہلتے اور غصے میں بڑبڑاتے دیکھا تو سمجھ گئیں اور ربیعہ بیگم کو دیکھتے بولیں۔۔

"فھیر بنا ماری اے اِس نے لوں سے!"

ربیعہ بیگم نے سادگی سے اُنہیں دیکھتے سر ہلایا۔۔

وہ اُس کے پیلے زرد چہرے کو دیکھتے انگلی سے اشارہ کر کے بولیں۔۔

"تـ ہی کیس ہے یہ۔۔منہ چوئی تے ٹئیڈ کھوئی!"

دُعا نے یکدم ناسمجھی سے اُنہیں دیکھا۔۔

اُن کا کہا ایک لفظ اُسے سمجھ نہیں آیا تھا۔اُس نے بھوں اُچکا کر پوچھا۔

"یہ کی کی کیس کیا ہے؟" بولنے میں دشواری آئی تھی۔

جواباً اُنہوں نے ہنس کر کہا۔۔

"اپنے ابا سے پُوچھیں۔۔" اور وہ چل دیں۔۔

(جہانزیب صاحب سعودیہ میں چھڑوں کے ساتھ رہتے تھے جن میں سے اکثریت پنجابیوں کی تھی۔۔اِسی وجہ سے اُنہیں بہت اچھی پنجابی بولنی آتی تھی۔۔)

جہانزیب صاحب واک پہ گئے تھے۔۔ جب لوٹے تو دُعا نے پوچھا۔۔

"ابو یہ کی کی۔۔کیس کیا ہوتا ہے؟" بولنے میں پھر سے دشواری آئی تھی۔۔

جواب میں اُنہوں نے اُسے بتایا۔

"وہ جو بڑھتا نہیں۔۔جیسے تم!!" اور دُعا کا منہ کسی پھٹتے ہوئے آتش فشاں کی مانند انتہا کا سرخ ہو گیا۔۔وہ اشتعال انگیزی سے ربیعہ بیگم کو دیکھتے نہایت تیزی سے کہنے لگی۔۔

"امی میں بتا رہی ہوں۔۔۔میں کسی دن زُلفی کے گھر ٹوکا لے کر گھس جاؤں گی۔۔ایک قصائن سے پنگا لیتی ہیں نا رضیہ آنٹی۔۔ابھی اِنہیں پتا نہیں ہے قصائیوں کا۔۔۔"

دم بہ دم غصہ بڑھ رہا تھا۔اب اُس نے جہانزیب صاحب کو دیکھا۔۔دونوں میاں بیوی خاموشی سے اُس کی سُن رہے تھے۔۔

"میں نے کسی دن ٹوکا لے کر چیر دینا ہے اُنہیں۔۔"

جہانزیب صاحب خفگی سے بولے۔۔

"بس دُعا!!"

آنکھوں میں تیزی سے آنسو آئے۔۔دل دل سوختہ تھا۔۔گال سرخ پڑ گئے تھے۔۔اُس نے کرب سے کہا۔۔

"اِس میں میرا کیا قصور ہے جو میرا قد چھوٹا ہے؟"

آواز مرطوب تھی۔۔

وہی ہم عام لڑکیوں کی طرح کچھ دیر آنسو بہائے۔۔اور پھر خضر کا کہا ایک فقرہ دہرا کر خود سے کہا۔۔

"Don't you know? We human beings are the crown of creation!"

وہ رات کو خضر کو اپنی اور اُس کی دس سال پرانی تصویریں دِکھا رہی تھی۔۔اُس پر وہ اُنہیں دیکھتے بولا۔۔

"یہ بھی کوئی ten years challenge ہے؟"جواباً دُعا نے مسکرا کر پوچھا۔۔

"اچھا پھر یہ چیلنج نہیں تو کیسا چیلنج ہو؟"

خضر چند لمحوں کے لئے خاموش رہا۔۔غالباً کچھ سوچ رہا تھا۔اب اُس نے ایک گہری سانس لی اور کہنے لگا۔۔

"دس سالوں میں مجھ میں یہ بدلا۔۔پہلے صبر کرنا مشکل تھا۔۔پہلے کامیابی پانے کی جلدی تھی۔۔اب صبر نے کامیابی کی وقعت سمجھا دی ہے۔۔پہلے چیزیں بہت جلدی مل جاتی تھیں۔۔کیونکہ وہ معمولی تھیں۔۔بڑی چیزوں اور بڑے اہداف نے اب بڑی

achievements کا راز سکھا دیا ہے۔۔"
یہ سُنتے دُعا کی آنکھیں جگمگا اور وہ امید سے بولی۔۔
" کیا ۔ وہاں تمہیں پسند کرتے ہیں؟"
خضر کی آنکھوں میں سفیدی چھائی۔۔ چند لمحے خاموش رہا اور پھر خود کو کمپوز کرتے بولا۔۔
"یہ قوم ای newbie کا کچھ زیدہ اچھا استقبال نہیں کرتی!"
دُعا لمحے بھر کے لئے کوئی ردِ عمل نہیں دے پ ئی۔۔ کچھ اذ رت چُبھ سا ی تھا وہ لہجہ۔۔ خضر ۔ت ۔ لتے کہنے لگا۔۔
"اور دس سال میں مجھ میں یہ ۔ لا کہ مجھے چیزیں اچھی لگنا اور پیاری لگنے کے مابین فرق سمجھ میں آ ی ہے!"
دل میں اُس ل انگیز تیر کا نشتر اب بھی پیو ت تھا۔۔ دل سا سا کر رہا تھا۔۔ اُسے تو مسکرا ۔ تھا۔۔ اپنے چا ۔ کا حوصلہ ۔ڑھا ۔ تھا۔۔ وہ لبوں پ مسکراہٹ واپس سے لاتے پوچھنے لگی۔۔
"جناب ۔قی ۔ تو ٹھیک ہے۔۔ ۔ اہ کرم یہ اچھی اور پیاری کے مابین فرق کی وضا ت کر دیں۔ نوازش ہوگی۔"
اُس پ راب وہ بھی مسکرا ی۔۔
"جو ای میں بھلی لگ جائے۔۔ وہ چیز اچھی ہے۔۔ جو ہر حال۔۔ ہر صورت اچھی لگے وہ پیاری ہے۔۔ جا ہوا ی لڑکی کی ۔ سے ۔ڑی غلطی کیا ہوتی ہے؟ ای ایسے مرد کو اپنا دل دینا۔۔ جسے صرف اُس کا ظاہری حسن چاہیے تھا۔۔ سوچتا ہوں۔۔ جو آدمی اپنی بیوی سے محبت اُس کی جوانی کی خوبصورتی کی وجہ سے کرتے تھے۔۔ وہ پندرہ بیس سال بعد اب اُس سے محبت

کیسے کرتے ہیں؟ وہ اُن سیاہ ریشمی بالوں میں چاندی دیکھ کراب کیا ردِعمل دیتے ہیں؟ وہ ماضی کے شفاف اور صاف چہرے پر جھریاں دیکھ کراب محبت کے متعلق کیا سوچتے ہیں؟ کیو وہ حسن جس نے اُنہیں محبت کے لئے آمادہ کیا تھا۔۔وہ تو وقت کے ساتھ پیچھے رہ گیا۔تو پھر اب وہ کس چیز سے محبت کرتے ہیں؟"

وہ سانس لینے کے لئے ٹھہرا اور پھر بولا۔۔

"مجھے تم اچھی نہیں لگتی دُعا۔۔مجھے تم ہر بار اچھی لگتی ہو۔۔"

اُس پر وہ بند دبائے بیٹھی خاموشی سے سُن رہی تھی۔۔

ٹھیک ہی تو کہہ رہا تھا۔۔ہر روز اُس کے ٹوٹتے بال دیکھتا تھا۔۔بنا سنگھار کئے اول جلول کپڑوں میں ملبوس اپنے گرد منڈلاتے ہوئے اُسے پتا تھا۔امتحان کے دِنوں میں آنکھوں کے نیچے شدید قسم کے حلقے دیکھنے کے بعد بھی۔۔اُسے دُعا ادریس سے اچھا اور کوئی نہیں لگتا تھا۔۔

اِس سے پہلے وہ کوئی رنگ جھاڑتی وہ بولا۔۔

"پوچھو گی نہیں کیا ہر بار اچھا لگتا ہے مجھے تم میں؟"

اُس نے سادگی سے گود میں کشن رکھتے کہا۔۔

"ھمم؟"

اُس پر سے بھی سادگی سے جواب آیا۔۔۔

"بونی کا بونا ہونا۔"

یہ سُن کر تو وہ مزید مضمحل ہوگئی۔۔بُرا لگا تھا اُسے۔۔ آج اُس نے کوئی شور نہیں مچایا۔۔کسی کو اکٹھا نہیں کیا۔۔وہ گِلہ کرتے کہنے لگی۔۔

"اِس میں میرا کیا قصور ہے۔۔اَ میرا قد چھوٹ ہے۔۔"

"تمہارا قد چھوٹ نہیں۔۔تمہارا قد کیوٹ ہے!"

اُس نے تبسم سے کہا تھا۔۔

دُعا کے چہرے کا زاویہ بگڑا۔

"Ewe Chand.. What are you saying?"

اُس پ روہ سر جھٹکے بے آواز ہنسا۔۔وہ سے دُور تھی۔۔ یں اور خبریں اُس کی گھڑی گھڑی کی موصول تھیں۔۔دُعا روئے اور خضر زخم پ مرہم لگائے۔۔ایسا ہونے کیسے دیتا۔۔ کرکٹر تھا۔۔موقعہ دیکھ کر چوکا مارا کرتا تھا۔۔

"آئندہ مت بولنا ایسے۔۔" وہ خفا ہوئی تھی۔۔ ات بت چھپا کر د ئے مسکرائی بھی تھی۔۔

"اچھا سمجھے؟" تھوڑا ر بھی جھاڑا تھا۔۔ اُس پ ر گلے سے بے اختیار قہقہہ نکلا۔۔دُعا نے مسکراہٹ د تے د لئے۔۔

تعریف۔۔اظہارِ محبت اور اظہارِ تشکر۔۔وہ بھی ا معمولی کپل کی طرح۔اہنہ۔۔اُن کا وتیرا نہیں تھا۔۔

تو پھر وہ دن آ تھا۔۔۔ خضر کی پکستان واپسی تھی۔۔۔

دُعا آ ئ کے سامنے عبایہ پہنے کھڑی تھی۔۔چہرے پ سے اسکارف لیا ہوا تھا۔۔ سامنے سنگھار میز پ ڑی اُس نے عِطر کی بوتل اُٹھائی اور اُسے کھول کر دھیرے دھیرے شانوں پ لگای۔۔اُس کی خوشبو پ فیوم کے مقابلے انتہائی کم تھی۔۔ ہونے کے ا۔۔۔عِطر کی بوتل اس نے واپس رکھی اور میک اپ ش ٹ سے بھو ی ڈ کرنے والا ش نکالا۔۔

. ش پکڑ کر اُس نے بھوؤں کو سیدھا کیا۔۔تیار ہو کر اُس نے الماری سے اپنا پ س نکالا۔۔

جوت پہنا اور مسکراتی مسکراتی . ہر نکل گئی۔ . ہر لاؤنج میں آئی تو ربیعہ بیگم صوفے پ بیٹھیں اُسے پ لک کاٹتی آ ۔اُس نے اُنہیں دیکھتے ۔ . ب سے پوچھا۔۔

"آپ۔۔آپ نہیں چلیں گی؟"

وہ تیزی سے پ لک کترتے آزردگی سے مسکرا اور پلکیں اُٹھا کر اُسے دیکھتے بولیں۔

"جا سکتی ہوں بھلا میں؟" دُعا کو بُرا لگا تھا، دُعا کو بہت بُرا لگا تھا۔کیسا اذی ۔ ک لمحہ ہوت ہے وہ۔۔ . دو پیاروں میں سے کسی ای کو چُننا پ ڑ جائے۔۔اور . پہلے کو چھوڑا جائے۔۔ . دوسرے کے بغیر رہا جائے۔۔۔ . پ . ڈ کے چکر میں ممتا اور زو . گھن کی طرح پس رہی تھی۔۔ای روح کا حصہ تھا دوسرا خون سے سینچا ی تھا۔۔آزمائش ڑ ی تھی۔۔۔

اسکوا میں سو یرے سے چہل پہل تھی۔اُستاد، ہارون انکل اور اُس کے تینوں دو ت خضر کو ایئرپورٹ ی . جانے کے لیے نکل رہے تھے۔۔اُستاد گاڑی میں ی . لگے تو پیچھے سے ای انی آواز اُنہیں سنائی دی۔۔

"اُستاد!"

اُنہوں نے دن موڑ کر دیکھا تو سامنے دُعا عبایہ میں ملبوس اُن کے سامنے معصوم چہرہ لیے کھڑی . ارش کرتے بولی۔۔

"پلیز مجھے بھی لے جا ۔۔"

وہ کہنے ہی لگے '..' پھر آنکھوں کے آگے خضر کا چہرہ آی ۔۔ہوتے ہیں . کچھ اسٹوڈنٹس۔۔ جن کے لیے دل میں محبت کا . ہ۔۔۔بہت خاص۔۔۔بہت ہی اہم ہوت ہے۔۔خضر کا شمار بھی اُسی فہر ت میں ہوت تھا۔اُنہوں نے زین اور شریم کو دیکھ کر سادگی سے کہا۔۔

"تم دونوں بیک پہ آجاؤ۔۔"

دُعا خندہ پیشانی سے مسکرا کر کہہ پڑی۔۔

"تھینک یو اُستاد!!"

ایئرپورٹ کے باہر وہ کھڑے تھے۔۔دُعا کو اُستاد نے گاڑی میں ہی   کا کہا تھا۔۔

"   آئے گا۔۔   باہر آ   ۔۔ابھی بہت بھیڑ ہے۔۔"

اُس نے بڑی سمجھداری سے اثبات میں سر ہلا دیا۔۔

"اوکے۔۔"

جیسے ہی خضر کی ٹیم کے کھلاڑی قطار میں لگے باہر آئے تو ہر طرف سے شور و غل مچا۔۔لوگ اُنہیں شور غوغا کرتے کندھوں پہ بٹھا کر لا رہے تھے۔۔۔رش کے   اُنہیں آدھا گھنٹہ وہاں انتظار کرنا پڑا۔۔   لا   ایک چمکتا ہوا سنہرہ ستارہ اُن کے رو   اماں   آتے اُنہیں دکھائی دیا۔۔اُستاد نے بنا پلٹے آہستگی سے گاڑی کی کھڑکی کا دی۔۔جیسے وہ اُن کے قریب آئے۔۔   سے پہلے اُستاد نے اُسے بڑی   م جوشی سے گلے لگایا اور اُس کے   لوں میں ہاتھ پھیرتے کہا۔۔

"Well played my boy!!"

   سے مل کر وہ آگے بڑھا تو ذرا چونکا۔۔گاڑی کا دروازہ کُھلا۔۔اُس کی پیشانی پہ بل پڑے۔۔   یں سکڑ گئیں۔۔   م سی مسکراہٹ لیے ایک چمکتا ہوا سنہرہ ستارہ اُس پر سے بھی اُجاگر ہوا تھا۔۔۔خضر آنکھیں خوشگوار حیرت سے مسرور ہونے لگیں۔۔۔۔کتنے دن بعد آج وہ اُسے دیکھ رہا تھا۔۔۔خضر آنکھیں حقیقتاً آج خضر تھیں۔۔

وقاص نے گلا کھنکارا۔۔تو زین فوراً اُسے کہہ کر شریم کے ساتھ   لگے۔۔

"اچھا یار اسکوائر میں ملتے ہیں۔۔"

وہ مبہوت نگاہوں سے اُسے دیکھ رہا تھا۔۔اُس کی آمد کسی ھدیے سے کم نہیں تھی۔۔اُستاد، وقاص اور ہارون انکل فی الفور گاڑی میں بیٹھ گئے۔۔

" کیسا لگا میرا سرپرائز؟"

دُعا چہکی تھی۔۔

"بہت اچھا۔۔"

اُس نے بھی جواباً مسکرا کر سادگی سے کہہ دیا۔۔۔

اب خضر ایک گہری سانس لے کر اُسے دیکھتے بولا۔۔

"مجھے زیادہ مس مت کیا کرو!"

دُعا نے ذرا چونک کر اُسے دیکھا اور پھر انجان بن کر بولی۔۔

"مِس؟ کسے؟ تمہیں؟" اُس نے بھویں مٹکا کر۔۔تیوری چڑھائی۔۔

" تمہیں کیسے پتا میں نے تمہیں مس کیا تھا؟"

خضر نے اُسے دیکھا اور ذرا مسکرایا۔ پھر سنجیدہ ہوتے بولا۔۔

"I got a lot of hiccups because of you!"

دُعا نے خود کو کمپوز کرتے بغور اُسے دیکھا اور کہنے لگی۔۔

"دبئ کا موسم اِن دنوں یہاں کراچی سے زیادہ گرم رہا ہے۔۔اِس لئے تمہیں dehydration ہو گئی تھی۔جس کی وجہ سے تم نے زیادہ سے زیادہ پانی پیا ہوگا۔۔اور مستقل ہچکیوں کے آنے کی بڑی وجہ ضرورت سے زیادہ اور تیزی سے پانی پینا ہوتا ہے۔۔پانی پینا کم کر دو ہچکیاں بند ہو جائیں گی۔۔" خضر بمشکل دبائے ہنسی چھپائے کچھ نہ بولا۔۔۔ دل میں اُس

نے دھیرے سے کہہ دی ۔۔

(اور ای میڈ کی طا ب علم سے توقع بھی کیا کی جا سکتی ہے؟)

وہ اُس سے اُس سے زی دہ محبت کرت تھا جتنی وہ جتات تھا۔ وہ اُس سے اُس سے کہیں زی دہ محبت کرتی تھی جتنا وہ بتاتی تھی۔۔

گاڑی میں وہ وقاص کے ساتھ بیٹھا اور ساتھ وٹ وی ٹ پ دُعا بیٹھ گئی۔۔

دُعا نے دن موڑ کر اُسے دیکھا۔۔

"ابو کا نہیں پوچھو گے؟"

وہ ب ہر دیکھتے کہنے لگا۔۔

"جا ہوں اب بھی خفا ہیں۔۔"

دُعا نے ذرا چون کر جھٹ سے پوچھا۔۔

"تمہیں کیسے پتا؟"

ب ذرا پھیلے۔۔ اُس نے نگاہیں اُس پ مرکوز کیں۔۔

"مشکلات سے کشادگی ب آتی ہے. ب ا ن لوگوں سے اُمیدیں لگان چھوڑ دیتا ہے۔۔"

اور دُعا نے اُداسی سے سر جھٹک دی ۔۔

"سوری۔۔" تبھی کسی خیال سے خضر نے بیگ کی زپ کھولی۔۔ اور ان رسے ای خاکی لفافہ نکالا۔ غالباً وہ وہی لفافہ تھا جو دُعا نے اُسے دی تھا۔ اُس نے وہ اُس کی جان ب ڑھا دی ۔۔

"لو۔۔"

اُس نے خفگی سے اُسے دیکھتے ب کھولے۔۔

"میرے لیے یہ ب کرنے کا بہت شکریہ۔۔ مجھے اِن کی ضرورت نہیں تھی دُعا۔ اُس وقت

کہنے کا وقت نہیں تھا۔۔یہ پیسے بلکل ویسے کے ویسے ہیں۔۔شریم سے میں نے کہا تھا۔۔اُس دکان والے سے بات کرے۔ چچی کا وہ پیٹ اگلے روز ہی بِک گیا تھا۔۔"

یکدم آنکھوں میں آنسو آ گئے۔۔اُس نے بنا کچھ کہے اُس سے وہ لفافہ لے کر گردن موڑ لی اور باہر دیکھنے لگی۔۔

خضر نے ناراضی سے اُسے دیکھتے گردن جھکا کر سرگوشی کرتے کہا۔۔

"تمہارا رونا مجھے کوئی نفع نہیں دے گا۔"

دُعا نے فی الفور گردن موڑ کر آنسوؤں سے بھری آنکھوں سے اُسے دیکھا۔۔

"مطلب؟"

وہ محظوظ ہوا۔۔

"تم کیا خود کو جل پری سمجھ رہی ہو جو روؤ گی تو موتی بہیں گے؟"

اُس نے ہنسی دبا کر آنسو پونچھتے کہا۔۔

"مطلبی۔۔خود ساختہ۔۔۔خود غرض۔۔۔ پ ت ۔۔۔خود پسندی کا مجسمہ۔۔"

اور خضر مسکرا کر وقاص کی طرف متوجہ ہو گیا۔۔۔

☆.....☆.....☆

نوٹ: (یہ کہانی خیالی ہے۔۔اور اِس میں موجود پی۔ایس۔ایل کے تمام سینز خیالی ہیں۔)

ب چہارم: تلاشوں میں من وسلویٰ

"غمیں نہ ہو کہ بہت دَور ہیں ابھی ۔قی
نئے ستاروں سے خالی نہیں سپہرِ کبود"
(ڈاکٹر علامہ اقبال)

۔ ۔ وہ خضر کو لے کر اسکوائ پہنچے تو شور مچ َ ی ۔۔

"آ َ ی !!"

"چا ٗ آ َ ی !!"

۔ نے ۔ڑی َ م جوشی سے اُس کا استقبال کیا تھا۔۔

ہر کوئی ۔ڑے اشتیاق سے آگے آگے آ ت اُسے دیکھتا مبارک دیتا گلے لگا ت ۔۔ربیعہ بیگم نے اُس کی اُ ت رکر اُس کا ماتھا چوما۔۔دُعا مسکرا کر خضر کو دیکھ رہی تھی۔۔کتنے دن بعد وہ اُسے دیکھ رہی تھی۔۔۔ یں چاہ کر بھی ہٹا نہیں پ رہی تھی۔۔زین کی والدہ بھی آگے آ اور ۔ڑی کشادہ دلی سے اُنہوں نے اُس کے سر پ ہاتھ ر ت کہا۔۔

"جیندا رے!!"

تبھی ا ی چنگھاڑ سارے اسکوائ میں َ جی ۔۔

"دُعا!!"

اور دُعا اور ربیعہ بیگم فوراً سے بلڈ ٗ َ میں چلی گئیں۔۔۔خضر نے سخت خفگی سے سامنے کھڑے

جہا ۔ ی ۔ ب صا ب کو دیکھا۔۔زین نے منہ بگاڑ کرت سف سے کہا۔۔

"اتنی د یر بعد ملے تھے۔۔۔اُس کا بھی سِکھا نہیں ہوا اِنہیں۔۔"

ہارون صا ب بڑے ادب اور سنجیدگی سے جہا ۔ ی ۔ ب صا ب سے کہنے لگے۔۔

"جانے دیں جہا ۔ ی ۔ ب صا ب ۔۔ بچہ ہے۔۔ بڑا talented ہے۔۔ اِس نے تو بڑا ا م روشن کیا ہے آپ کا۔۔۔"

"میرا اِس کا کوئی تعلق نہیں۔۔۔" اُنہوں نے بڑی سفا کی سے اُس کے منہ پر کہہ دیا تھا۔۔

"میرے گھر میں اور میری ز ندگی میں اِس کی اب کوئی جگہ نہیں۔۔"

خضر نے بڑی سادگی سے شانے اُچکائے۔۔

"او کے!!"

اور پھر ساتھ کھڑے اُستاد کی جا ب متوجہ ہوا۔۔

"اُستاد کیا آپ مجھے گود لے لیں گے۔۔"

ہنسی تو اُنہیں بہت آئی بمشکل ضبط کرتے وہ اُسے جھڑک کر بولے۔۔

"چپ رہو۔۔ ب تمیزی کرتے ہو۔۔سوری کروا ب سے۔۔"

خضر نے فوراً سے جہا ۔ ی ۔ ب صا ب کو دیکھا اور اُن کے قری ب آ کر معذرت خواہانہ ا ند از میں بولا۔۔

"سوری ا ب !"

جہا ۔ ی ۔ ب صا ب بنا کچھ کہے پلٹ گئے اور بلڈ نگ میں جانے لگے۔۔۔خضر نے پلٹ کر منہ پھلائے اُستاد کو دیکھا۔۔

اور وہ بھی ن سمجھی اور پ ر یشانی سے اُسے ہی دیکھتے رہ گئے۔وقاص کے ابو خضر کو اپنی طرف لے

آئے تھے۔۔۔اپنی طرف بُلانے کی کوشش باقی دونوں دوستوں نے بھی کی تھی۔۔لیکن وقاص کے ہاں چونکہ کوئی اور بہن بھائی نہیں تھا۔۔۔اِس کے علاوہ اُس کا آنا اُن کے لئے کوئی تکلف اور دِقت کا باعث بھی نہیں تھا۔۔اِس لئے اُس نے اُن ہی کے ہاں ٹھہرنا مناسب سمجھا تھا۔۔۔

وہ نہا کر غسل خانے سے باہر نکلا تو زین اُسے کمرے میں آتا دیکھ کر تالی بجا کر زمین پر بیٹھا۔۔

"شروع ہو جاؤ!!"

وقاص نے کہا۔۔

"چڑیا اُڑی!!"

تینوں دوستوں نے انگلی اُٹھائی۔۔وقاص اور زین بولے۔۔

"اُڑی!!"

خضر نے پتلیاں سکیڑ کر اُنہیں دیکھا۔۔

"مینا اُڑی!"

"اُڑی!"

"طوطا اُڑا!"

"اُڑا!"

اُسے سمجھ نہ آئی کہ وہ تینوں کر کیا رہے تھے۔۔

"کبوتر اُڑا!"

"اُڑا!"

"دوپٹہ اُڑا!"

"اُڑا!"

"چاند اُڑا!"

وہ چونکا۔۔۔

"اُڑا!!"

وہ فوراً سے بول پڑا۔۔

"چاند ...چاند کیوں اُڑا!"

وقاص نے بناوٹی بیچارگی سے ہاتھ جھلا کر کہا۔۔

"بڑے لوگوں کی بڑی بڑی باتیں۔۔وہی جانے۔۔ہم غریب کہاں جانے۔۔"

اُس نے بھی سے اُنہیں دیکھتے میں سر ہلایا۔۔۔

" کیا احمق پن ہے۔۔کچھ بھی مت بکا کرو۔۔"

یہ کہتے وہ اُن کے ساتھ بیٹھ گیا۔۔۔

زین اب اُس سے پوچھنے لگا۔۔

"نئے دوست بنے؟"

خضر نے ذرا مسکرا کر اُسے دیکھا اور کہنے لگا۔۔۔

"ہر ایک سے روح نہیں ملتی۔ ہر کسی کو دوست نہیں بنا لیا جاتا۔۔ہر کوئی دوست نہیں بن جاتا۔۔"وہ سانس لینے کے لئے رُکا اور پھر کہنے لگا۔۔

